Youth Parliament Pakistan

Debate dated 22-6-2012

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔ مَلِکِ النَّاسِ۔ اِلٰہِ النَّاسِ۔ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۬ۙ الۡخَنَّاسِ۔
الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ۔ مِنَ الۡجِنَّۃِ وَ النَّاسِ۔

ترجمہ: کہو کہ میں لوگوں کے پروردگار کی پناہ مانگتا ہوں۔ (یعنی) لوگوں کے حقیقی بادشاہ کی۔ لوگوں کے معبود برحق کی۔ (شیطان) وسوسہ انداز کی برائی سے جو (خدا کا نام سن کر) پیچھے ہٹ جاتا ہے۔ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے۔ (خواہ) وہ جنّات میں سے (ہو) یا انسانوں میں سے۔

Madam Speaker: Mr. Kashif Yousaf Badar, Mr. Gulfan Mustafa, Mr. Muhammad Hamad Chudhary and Mr. Saifan Ahmed would like to move the following resolution.

Mr. Kashif Yousaf Badar: Thank you Madam Speaker. The resolution is as under;

> "This House is of the opinion that the successful interests free micro finance model of Akhuwat Organization may be replicated by the government in order to alleviation of poverty and enhance self employment opportunities at grass root level in the country".

میں اس کا background بتاوں گا۔ پوری دنیا اور پاکستان کا اس وقت سب سے بڑا مسئلہ غربت ہے according to the Benazir Income Support survey 2011, 45% of population of Pakistan is living below poverty line. اگر ہماری population 180 million ہے تو اس میں سے 85 million poverty line سے نیچے prevail کر رہی ہے۔ پاکستان کا سارا interest based system پر چل رہا ہے تو اس interest based economy میں micro finance level پر poverty salivation کے لیے کسی کو loan دیتے ہیں تو اس پر mark up 20 to 35% چل رہا ہے اور آج کل کے inflation اور مشکل دور میں جب کوئی بندہ دس، بیس ہزار کے loan سے کوئی

کاروبار شروع کرتا ہے تو اس کے لیے یہ loan pay off کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ اگر وہ 20,000 لیتا ہے اور 20 to 30% mark up دے گا تو اس کو ایک سے ڈیڑھ سال میں تیس سے پینتیس ہزار روپے دینے پڑیں گے۔ اس کے لیے ہمارے دین اسلام میں بھی کہا گیا ہے کہ ہمیں آپس میں brotherhood یعنی اخوت کی بنیاد پر ایک دوسرے کی مدد کرنا چاہیے۔ جو امیر ہے وہ غریب کی قرض حسنہ کے ذریعے سے مدد کرے۔ اخوت اس کا interest free model ہے جو کہ دنیا کی سب سے بڑی interest free organization ہے۔ کل کسی نے ڈاکٹر یونس کے گرامین بنک کی بات کی تھی۔ اس کے بارے میں یہ بتانا چاہوں گا کہ گرامین بنک مکمل طور پر interest base چل رہا ہے اور اب آہستہ آہستہ وہ flop ہو رہا ہے۔ اس وجہ سے ڈاکٹر یونس کو گرامین بنک کی directorship سے ہٹا دیا گیا ہے۔ اس کے برعکس پاکستان میں جہاں یہ کہا جاتا ہے کہ کوئی بندہ مخلص نہیں ہے، لوگ sincerity سے دور بھاگ رہے ہیں، سیاستدان اور ہر بندہ نفسا نفسی کا شکار ہے اور اپنے کھانے کی دوڑ میں آگے آگے جا رہا ہے۔ ڈاکٹر امجد ثاقب صاحب نے آج سے دس سال پہلے 'اخوت' کے نام سے ایک organization بنائی تھی جس کے اس وقت two billion سے زائد کے active lone چل رہے ہیں اور ان کا recovery rate 99.85% ہے جو دنیا میں ایک record ہے۔

ہمیں اور ہماری حکومت کو چاہیے کہ جس طرح پنجاب حکومت نے اس کی خدمات کو اور ان کی fair and transparent policy کو دیکھتے ہوئے ان کے لیے two billion per annum ان کے لیے اعلان کیا ہے جو کہ 'اخوت' کے banner تلے تیس سے پچاس ہزار روپے کے قرضے غریب اور پڑھے لکھے نوجوانوں اور عورتوں کو ملیں گے تا کہ وہ small level پر چھوٹے چھوٹے کاروبار شروع کر سکیں۔ اس لیے Federal Government کو بھی چاہیے کہ وہ 'وسیلہ حق روزگار پروگرام' اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام' کے ذریعے سے لوگوں کی funding کر رہی ہے، میں اس سے اختلاف تو نہیں کروں گا مگر کسی کو مہینے کے بعد ایک ہزار روپے دے کر ہم لوگوں کو بھکاری بنا رہے ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ انہیں اسلامی طریقے سے قرض حسنہ کی عادت ڈالیں اور اس کی بنیاد پر جب حکومت اس کو own کر کے اپنے funds اس کو دے گی تو پورے ملک میں interest free loan کا جال بچھے گا اور جو interest based economy چل رہی ہے اور بنک لوگوں کو لوٹ رہے ہیں، اس سے جان چھوٹے گی۔شکریہ۔

میڈم سپیکر: جناب گلفام مصطفےٰ صاحب، موجود نہیں ہیں، جناب محمد حامد چوہدری۔

جناب محمد حامد چوہدری: شکریہ، میڈم سپیکر۔ میں 1973 کے آئین میں سے ایک شق یہاں پر بیان کروں گا۔ Article 38(f) requires the state to eliminate ribba interest as soon as possible and the article 31 (2) c requires to secure proper organization of Zakat and Usher. مجھے آج تک یہ سمجھ نہیں آئی کہ 1973 سے اب تک کتنے عرصہ گزر چکا ہے لیکن پاکستان میں اب تک ribba free banking نافذ نہیں کی جا سکی۔ یہاں ایوان میں قائد اعظم کی تصویر تو لگی ہوئی ہے میں ان کی ایک quotation پڑھوں گا جو انہوں نے 1st July, 1948 کو State Bank of Pakistan کی opening ceremony میں تقریر کی تھی، اس کو ایک حصہ ہے۔

> ”The adaptation of western economic theory and practice will not help us in achieving our goal of creating a happy and contended people. We must work our destiny in our own way to present the world an economic system based on true Islamic concept of equality of manhood and social justice“.

I think یہ ہمارے لیے رہنما ہے اور ہمیں اس پر عمل کرنا چاہیے۔ میں یہ کہنا چاہوں گا کہ "Akhuwat Foundation" نے سب سے بہتر کام یہ کیا ہے کہ جن لوگوں کو پیسے دیے ہیں ان کو یہ option بھی دیا ہے کہ جب اپنے پیسے واپس کریں گے borrowers کو donors بنایا کیونکہ اب وہ اس کے beneficiary بن جائیں گے اور اپنے پیسے دوسرے لوگوں کو donate کریں گے۔

ایک اور بات "Akhuwat Foundation" کی کوئی branch نہیں ہے، یہ لوگ مسجدوں اور چرچوں میں بیٹھ کر بغیر کسی religious cost, creed, sect کے base پر discrimination کے بغیر سب کو ایک level پر قرضے دیے ہیں اور 10,000 سے لے کر 30,000 تک دیے ہیں۔ اس resolution کے ذریعے ہم یہ چاہتے ہیں کہ ایوان حکومت کو اس پر مجبور کرے کہ حکومت اس کو own کرے اور اس کو implement کرے۔ جیسے ''گرامین بنک'' کی مثال دی گئی۔ یہ بنک 1974 میں شروع کیا گیا تھا۔ ایک چھوٹی organization بنائی گئی تھی، اس کو بنگلہ دیش حکومت نے own کیا اور 2006 میں اس پر Nobel prize دیا گیا۔ اگر ہم کو آج own کریں تو اس کو پورے ملک میں نافذ کیا جا سکتا ہے۔ بلوچستان، سندھ میں poverty ہے، جس کو ہم ختم کر سکتے ہیں اور پاکستان کو بہت آگے لے جا سکتے ہیں۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: جناب محمد عتیق صاحب۔

جناب محمد عتیق: میں اس House کی توجہ UN Secretary General Ban Ki-moon کی statement کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔ ان کے مطابق اس وقت دنیا کو جو سب سے بڑا مسئلہ غربت بڑھنے کا ہے ، دوسرا مسئلہ اسلحے کی غیر قانونی smuggling ہے اور تیسرا مسئلہ ماحولیاتی آلودگی ہے۔ نمبر ایک چیز غربت سب سے زیادہ بڑھ رہی ہے اور particularly in Sub-Continent اور افریقہ کے کچھ علاقوں میں ۔ میں پاکستان کی بات کروں گا کہ قومی بچت اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام جیسے programmes strengthen کرنے کی ضرورت ہے اور جس طرح State Bank subsidy دیتا ہے، ہر بنک کو اگر وہ دیوالیہ یا ایسی صورت میں ہو تو State Bank اس کا ذمہ دار ہوتا ہے کہ وہ اس کو 50% دیتا ہے تا کہ اس کو strengthen کر سکے۔ اس صورت میں بینظیر انکم سپورٹ، قومی بچت، اخوت یا دوسرے جو پروگرام ہیں، ان کو بھی State Bank کو مزید strengthen کرنے کی ضرورت ہے تا کہ poverty کی جا سکے۔ جیسے گرامین بنک یا ڈاکٹر یونس کی بات ہوئی تو انہوں نے کسی طریقے سے غربت ختم کرنے کے لیے معذوروں یا females کے point of view سے ان کوstrengthen کرنے کی کوشش کی۔ میرا ایک نکتہ یہ ہے کہ State Bank poverty ختم کرنے کے لیے مزید subsidy دے اور banks کو strengthen کرے۔

میڈم سپیکر: جناب حسیب احسن صاحب۔

جناب محمد حسیب احسن: شکریہ میڈم سپیکر۔ محترمہ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ سود نے ہمارے ملک کا بیڑا غرق کر دیا ہے اور آج کل یہ بہت کامیاب کاروبار بن گیا ہے۔ بڑے بڑے قرضے لینے والے بڑے مگر مچھ تو آزاد ہیں لیکن چھوٹے قرضہ دار جنہوں نے ایک لاکھ سے تین لاکھ تک قرض لیا ہے، انہوں نے خود کشیاں بھی کی ہیں اور چھپ بھی رہے ہیں۔ حکومت نے بہت اچھے اقدامات کیے ہیں جن میں بینظیر انکم سپورٹ، وطن کارڈ اور وسیلہ حق روزگار کے ذریعے خواتین اور غریب طبقے کو غربت کے خاتمے کے لیے پیسے فراہم کیے ہیں اور کوشش کی ہے کہ چھوٹا کاروبار کیا جائے۔ میں ایک تجویز پیش کرنا چاہوں گا کہ ہماری سیاسی پارٹیاں اپنی campaigns میں wall chalking کرتی ہیں اور بڑے بڑے جھنڈے کھمبوں پر لگاتی ہیں جن کے لیے کم از کم دو تین سو روپے خرچ ہوتے ہیں۔ اگر یہی پیسے وہ اپنی عوام کی فلاح کے لیے خرچ کریں، یہ پیسے ان کی فلاح کے لیے استعمال کریں، کوئی چھوٹی industries بنا دیں جہاں پر خواتین بھی کام کر سکیں اور بارہ تیرہ سال سے اوپر کے بچے کام کر سکیں تو یہ حال نہیں ہو گا۔ اس کے علاوہ ہمارے ملک میں energy crisis چل رہا

ہے اور سولہ سے اٹھارہ گھنٹے تک بجلی نہیں ہوتی تو اس کا کیا حال ہو گا۔ یہ ایک اچھا initiative ہے، اگر پاکستان میں کیا جائے لیکن میرا خیال ہے کہ یہ نہیں ہو گا کیونکہ یہ ایک کامیاب business بن گیا ہے جس میں ہماری سیاسی پارٹیاں اور سب ملوث ہیں۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: محترم عمر ریاض صاحب۔

Mr. Muhammad Umar Riaz: Poverty an evil that has penetrated it roots deep into our society. When we compare the system which is prevalent in the form of Grameen Bank Pakistan, we should also look into the feasibility of the mechanism and when honourable members are talking about the Benazir Income Support Programme, they should also keep in mind there are irregularities which have been continuously witnessed by the international donors. According to the report published by international organizations Benazir Income Support Programme has seen massive level of corruption and it has done a great to the national exchequer. Instead of introducing such programmes, we should introduce such programmes which has been proposed in this particular resolution. We definitely support the concept of "Akhuwat Organization" and Federal Government should made a replication of that. There is no doubt about that but while keeping in view the interest free banking, keeping in view the concept of interest free applying into the banking laws of the country. We should also keep in mind the feasibility of the mechanism and feasibility of this entire process in the poverty alleviation. When we want to alleviate the poverty considering in the mind that large majority living below poverty line and considering and taking that consideration into the mind that a large majority due to the low growth rate is facing the massive unemployment.

We should also do whatever it takes to ensure that the concept gets replicated in its truest form. However if we have follow the concept we would also need to ensure the system of accountability in this entire procedure because without ensuring this accountability, we would be facing the same sort of allegations from the international organizations. That international organizations would claim that Benazir Income Support Programme, the programmes recently launched by the Punjab Government and when we compare the functions of the Provincial Government with the Federal Government, that should also kept in mind that what is lying within the purview of the Provincial

Government. I would like to quote the recent initiatives taken by the Punjab Government, when you talked about the Laptop Scheme and when we talk about the Yellow Cab Scheme, Green Tractor Scheme or the schemes of the Provincial Government, we see the massive irregularities and these irregularities lead to the failure of a particular organization, a failure of a particular scheme which is good enough and that does not cost a lasting impression on the economy of the country. This model is very good, really good but keeping in mind the low justice system, we must also ensure, we must not apply it in Pakistan unless and until we ensure that the accountability of paramount importance, we need it in every sphere and we should also look into the positive and negative consideration at the same hands. Thank you very much.

Madam Speaker: Thank you. Mr. Ali Raza.

جناب علی رضا: میڈم سپیکر! ابھی میرے ایک دوست نے یہاں بان کیمون کو quote کیا۔ میں اس بات پر چونکہ ہمارا next agenda human rights ہو گا اور اس میں سب سے پہلی شق ہے جو millennium development goals United Nation نے mention کی ہے، وہ poverty alleviation ہے۔ Poverty alleviation ہمارے ملک، اس South Asia sub continent, کا ایک بہت growing concern ہے اور اس کا problem یہ ہے کہ poverty alleviation کے ساتھ education, health sectors, woman empowerment and local development inter linked, inter twined ہیں آپس میں یہ سب چیزیں۔ انہوں نے اخوت کا جو model propose کیا ہے، I hope Benazir Income Support Programme کے علاوہ بھی اگر میرے معزز اراکین کو National Bank کے ایک bank loan کی information ہو جو انہوں نے students کو قرض حسنہ کے طور پر پیسے دیے کہ وہ اپنی فیس وغیرہ جمع کرا سکی۔ اس میں حکومت ان سے کچھ نہیں مانگتی۔ وہ کہتی ہے کہ آپ کے پاس جب پیسے آئیں، ہمیں واپس کر دیں۔ Exactly یہ چیز micro finance model میں بھی ان کو کرنا ہو گی یا کرنی پڑے گی۔ اس سب کچھ کے لیے حکومت کو اپنے resources کو اتنا vast کرنا پڑے گا، ان کو اس کے لیے اپنی machinery use کرنی پڑے گی کہ grass root level پر south Punjab, FATA regions میں لوگوں کو small industries کے سلسلے میں help کرسکیں۔ میں ایک quote کرنا چاہ رہا ہوں کہ کل آپ نے Baltistan Apricot Model, revolution کی بات کی، اگر وہ revolution آ رہا ہے، آپ اگر Local Governments strengthen کریں اور ان کے ذریعے، بلدیاتی انتخابات کے ذریعے ایسے لوگوں کو جن میں packaging,

growth, carpet weaving, fruits وغیرہ کا potential ہے، ان کو promote کریں تو اس طرح سے آپ self employment بھی زیادہ کر لیں گے اور امید ہے کہ غربت کو بھی کم کر سکیں گے۔ شکریہ۔

ٖمیڈم سپیکر: قائد حزب اختلاف صاحب،آپ نے کچھ کہنا ہے؟

جناب فہد مظہر علی: میڈم سپیکر! سب سے بڑا المیہ غربت ہے اور بہت سے ملک ایسے ہیں جو اس دنیا میں Nuclear Power declared ہیں مگر وہاں poverty اور ہمارے ہمسایہ ملک بھارت میں تو بہت زیادہ ہے۔ ہمارے ملک کی middle class سے بھی زیادہ لوگ poverty line سے نیچے رہ رہے ہیں۔ اس میں economist نے باقاعدہ طریقے سےیہ model develop کیا ہے۔ ہمارے پاکستان کے محبوب الحق صاحب نے ایک کتاب Poverty Curtain ایک کتاب لکھی تھی جس میں بتایا ہے کہ how you can alleviate poverty. آسان طریقہ ہے کہ دولت چند لوگوں کے ہاتھوں میں accumulate نہیں ہونی چاہیے۔ اگر وہ trickle down ہوتی ہے تو کوئی اور model apply نہیں کرنا چاہیے کیونکہ ایک ایسا mechanism آپ کے پاس ہے جو دولت کی concentration in few hands نہ ہو بلکہ till the end of line of the population trickle down ہو تو poverty alleviation ہوتی ہے اور poor کی definition دیکھی جائے تو وہ ان کو کہا جاتا ہے جن کے پاس نہ چھت ہوتی ہے اور نہ کھانے کے لیے کچھ ہوتا ہے۔ اب ہم جو بات کر رہے تھے کہ انہوں نے Cab schemes دیں تو یہ employment کی بات تو ہو سکتی ہے لیکن poverty alleviation کے لیے نہیں کیا گیا۔ Poor کی سب سے پہلے ضرورت shelter, food and security ہوتی ہے جو ان کو نہیں دی جاتی۔ United Nations کے جو millennium development goals ہیں، ان میں بھی واضح طور پر بتایا ہے کہ how they will overcome within 2015 or within 2020. چونکہ یہ world over problem ہے اس پر different suggestion آ سکتی ہیں لیکن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام جیسے کام جن کو non developmental or non productive کہا جاتا ہے کیونکہ ان سے dependency بڑھتی ہے نہ کہ وہ independent ہوتے ہیں یا employmentکی بات ہوتی ہے۔ وہ ہر مہینے کارڈ لے کر پیسے لینے کے لیے،embezzlement بھی ہوتی ہے اور ہم نے دیکھا کہ اس میںcorruption charges بھی لگے۔ اس لیے solid measuresلیے جائیں اور حکومت باقاعدہ اس سلسلے میں mandate ملتا ہے۔ پیپلز پارٹی کی حکومت کو تو mandateبھی روٹی، کپڑا اور مکان پر ملتا ہے۔ ان چار سال میں

انہوں نے دینے کی بجائے تو چھینا ہے۔ Efforts should be made to alleviate to poverty.

Thank you.

Madam Speaker: Honourable Prime Minister.

جناب ہاشم عظیم: سپیکر صاحبہ! شکریہ ۔ میں سب سے پہلے بتانا چاہوں گا کہ ڈاکٹر عبدالثاقب کا اخوت کا imitative کس background and model پر based ہے۔ قرآن پاک کی ایک آیت ہے (عربی) pay حلال ہے اور ربوٰ حرام ہے۔ Pay is remittance sale and Ribba سود، interest. ڈاکٹر امجد ثاقب نے جو interest free model متعارف کرایا ہے یہ around 5000 to 50000 interest free loans دیتے ہیں۔ میں fortunately ڈاکٹر امجد ثاقب سے مل چکا ہوں اور مجھے ان کا model monitor کرنے کا experience ہوا۔ اس میں بالکل grass root level پر عوام کو جو financing and empower کر سکتے ہیں یعنی کسی کو ریڑھی لگوا دیتے ہیں، کسی کو پھل وغیرہ کا کام اور کسی کو سلائی کڑھائی کی مشین لے دیتے ہیں تا کہ اس بندے کو pay back میں آسانی ہو اور basically اس کی growth and empowerment ہو۔ میرے معزز رکن نے بتایا کہ اس کو recovery rate around 99% ہے اور جب ڈاکٹر صاحب سے پوچھا گیا کہ 1% کون سا figure ہے؟ تو انہوں نے بتایا کہ یہ 1% بھی وہ figure ہے جو لوگ ہم سے locate نہیں ہو سکے۔ ہم نے micro financing کی لیکن ان کا پتا ہی نہیں ہم ان کو locate ہی نہیں کر سکے۔ وہ اس قدر low level میں rural areas میں یہ کام کرتے ہیں اس لیے لوگ displace ہو جاتے ہیں اور ان کا پتا نہیں چل سکتا، ہم ان کو track نہیں کر سکتے۔ یہ ratio وہ ہے۔ یہ لوگوں کو grass root level پر empower and growth کرنے بہت اچھا model ہے اور یہ interest free ہے۔ اس لیے اس میں عوام کی بہت زیادہ فلاح و بہبود ہے. and we definitely support this. Thank you.

Madam Speaker: Now I put the resolution to the House.

> ”This House is of the opinion that successful interest free micro finance model of ”Akhuwat Organization“ may be replicated by the government in order to alleviation of poverty and enhance self employment opportunities at grass root level in the country“.

(The resolution was carried)

Madam Speaker: I would request Mr. Muhammad Hammad Malik, Mr. Naveed Hassan and Mr. Yasir Riaz would like to move the resolution.

Mr. Muhammad Hammad Malik: Thank you Madam Speaker.

"The House is of the opinion that more funds must be allocated to the Higher Education Commission in the budget so that the development can be done in the country and scholarship schemes for PhDs can be initiated which is most important need of the country".

جناب سپیکر! میں یہ resolution یہاں پر لایا کیونکہ economic and budgetary reforms ہمارا topic تھا۔ نہایت افسوس کے ساتھ مجھے یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ ہماری حکومت (Blue Party) کی طرف سے یہ topic تو دیا گیا لیکن کسی ایک بندے نے بھی جو بجٹ آیا ہے، اس کے حوالے سے ایوان میں کوئی resolution پیش نہیں کی۔ میرا خیال تھا کہ یہاں پر بڑی گرما گرم بحث ہو گی جس وجہ سے یہ topic decide کیا گیا تھا ۔

میڈم سپیکر: محترمہ شہیرہ جلیل الباسط۔

Miss Shaheera Jalil Albasit: Thank you madam. First of all I would like to make a correction

اپوزیشن کی طرف سےکہا گیا کہ حکومت کی طرف سے تعلیمی بجٹ پر کوئی بات نہیں کی گئی۔ They better have a look at agenda No.11. We are bringing something on this. I would like to share some statistics. India has decided for enormous investment in higher education. Minister for Indian Human Resource Development جناب کپل سبال نے announceکیا ہے کہ انڈیا اسی ہزار کروڑ روپے اگلے پانچ سال میں اپنی higher education میں invest کرنے والا ہے اور یہ روپے انڈیا میں information technology کے institutes کی تعداد کو سات سے سولہ کرنے کے لیے استعمال کیے جائیں گے۔ یہ اسی ہزار کروڑ روپے بھارت میں دو سو نئی یونیورسٹیاں قائم کرنے کے لیے استعمال کیے جائیں اور اس کے علاوہ چالیس centers of excellence قائم کرنے کے لیے استعمال کیے جائیں گے۔ یہ تمام اقدامات انڈیا کی access towards international higher education, undergraduate education, post graduate education, basically higher education سے انڈیا کے access کو سترہ سے تیس فیصد بڑھا دیں گے۔

میڈم سپیکر: اس وقت پاکستان کا شمار in terms of expenditure on education and specially higher education, bottom 7 countries میں ہوتا ہے ۔ It is need of the hour that this resolution be supported and higher education be highly and strictly promoted and safeguarded in Pakistan. Thank you.

میڈم سپیکر: جناب اصغر فرید صاحب۔

جناب محمد اصغرفرید: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب سپیکر۔ سب سے پہلے میں اپوزیشن کو مبارکباد پیش کرنا چاہوں گا کہ انہوں نے اس ایوان کی توجہ ایک ایسے موضوع کی طرف مبذول کرائی جو کسی بھی ملک کی ترقی کی بنیاد ہے۔ یقیناً کسی بھی ملک کی ترقی کے لیے تعلیم سب سے بڑا factor ہے اور خاص طور پر پاکستان جیسے ملک میں جہاں دہشت گردی عروج پر ہے۔ اگر لوگوں کو educate نہیں کیا جائے گا تو دہشت گردی اس سے بھی زیادہ بڑھے گی۔ اس لیے اس resolution کو support کرتے ہوئے حکومت کو کہوں گا کہ وہ HEC کو support کرے اور خاص طور پر Higher Education level اور پاکستان کے ان علاقوں کے لوگوں کو باہر بھیجا جائے جہاں پر تعلیم اتنی زیادہ نہیں ہے۔ میں اس کی حمایت کروں گا۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: شکریہ۔ جناب عتیق الرحمن صاحب۔

جناب عتیق الرحمن: شکریہ میڈم سپیکر۔ فواد بھائی نے بہت اچھی resolution پیش کی ہے اور ہمیں higher education کے لیے زیادہ بجٹ رکھنا چاہیے نہ کے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کو۔ UNO کے charter کے مطابق GDP کے 4% education پر لگانا چاہیے جبکہ ہم اس وقت 1.8% لگا رہے ہیں جو کہ 2% بن جائے گا۔ میں آج اپنی Youth Parliament کے platform سے یہ آواز اٹھانا چاہوں گا کہ ہمیں اپنی 20% of GDP education پر لگانا چاہیے گو کہ UN charter میں 4% ہے لیکن ہم اگر دنیا میں یہ مثال پیش کریں تو بہت اچھا ہو گا۔ یہ قرارداد پیش بھی کرنی چاہیے اور اس کو 20% of GDP education کرنے کے لیے آواز اٹھانی چاہیے۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: شکریہ۔ محترم جمال جامعی صاحب۔

جناب جمال نصیر جامعی: شکریہ میڈم سپیکر۔ یہاں پر higher education commission کی بات کی گئی۔ ہمارے ملک کا المیہ ہے کہ ماضی کے اچھے اقدامات کو بھی اپنے سیاسی مفادات کی بھینٹ چڑھا دیا جاتا ہے۔ اصل میں یہاں یہ دیکھا جاتا ہے کہ میرا vote bank کس سے متاثر ہو رہا ہے اور کس سے بڑھ رہا ہے۔ اگر میرا ووٹ بنک بینظیر انکم سپورٹ پروگرام یا وسیلہ حق پروگرام سے بڑھ رہا ہے تو میں education کو کھڈے لائین لگا کر لوگوں کو ہزار روپے ماہانہ دے کر بھکاری بنا دوں گا۔

اگر پرویز مشرف صاحب کے دور کے بہت سے اقدامات پر تنقید کی جاتی ہے جیسا کہ یہاں کہا بھی گیا ہے لیکن Higher Education Commission کم از کم ایسا ادارہ تھا، جو کچھ اس نے جامعات میں کیا، وہ پاکستان کی تاریخ کا higher education کے حوالے سے سنہرا دور کہا جا سکتا ہے کہ مختلف scholarships دیے گئے جس وجہ سے پاکستان میں 100% PhDs کا اضافہ ہوا۔ اس کے علاوہ میڈم سپیکر! Higher Education Commission کا ہونا نہ ہونا ایک برابر کر دیا گیا ہے۔ ایک تو حکومت اس کے لیے صحیح طور پر funds allocate کرے اور تعلیم کے بجٹ میں اضافہ کرے۔ وہ ملک جہاں تعلیم ایمرجنسی نافذ کرنے کی ضرورت تھی، وہاں پر HEC کا ہونا نہ ہونا برابر کر دیا گیا جو ایک المیہ ہے۔ آخری بات یہ کہ Higher Education Commission کے حوالے سے یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ اس کے زیادہ تر وظائف سائنس کے طالبعلموں کے لیے ہوتے ہیں۔ کسی ملک کے لیے جتنے sciences کے students کی ضرورت ہوتی ہے، اتنی ہی social sciences and humanities کی بھی اہمیت ہوتی ہے۔ ان کو بھی اسی criteria's پر scholarships دیے جائیں تو بہتر ہے۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: شکریہ۔محترمہ ایلیا نوروز علی صاحبہ۔

مس ایلیا نوروز علی: میں اس resolution کو مکمل طور پر support کرتی ہوں۔ ہمارا ملک دہشت گردی میں سب سے آگے ہے لیکن تعلیم کے لحاظ سے بہت پیچھے ہے۔ جس طرح معزز رکن نے فرمایا تھا جس ملک میں education emergency نافذ کرنے کی ضرورت ہے، وہاں پر الٹا کر دیا گیا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ہر ملک کی ترقی کی بنیاد تعلیم کی وجہ سے ہوتی ہے۔ یہاں پر ہمیں ضرورت ہے کہ ہم اپنی higher education پر بہت زیادہ focus کریں اور اپنی تعلیم کو بہتر بنائیں تا کہ corruption level کم ہو جائے۔ میں ایک اور چیز کہوں گی کہ ہمیں higher education پر focus کرنا چاہیے لیکن primary education کو بھی توجہ دینی چاہیے۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: جناب تبریز مری صاحب۔

جناب تبریز صادق مری: شکریہ میڈم سپیکر۔ سب سے پہلے میں اس چیز کو completely support کروں گا اور I think more funds should be allocated to the HEC. حکومت یہ reasoning دیتی ہے کہ 70% of our national funds are transferred to the provinces every month and that is the reason that provinces should contribute more toward HEC. 1.4% ہماری education کا حصہ ہے جیسا کہ ابھی حماد صاحب نے بتایا but I

اس کے علاوہ think there is more need for public private partnership on this front as well. ایک وجہ یہ ہے کہ ہم education کی طرف focus نہیں کرتے آج سے پہلے جتنی بھی حکومت اور سیاستدان آئے انہوں نے کبھی کوئی substantial step to increase education or higher education in that case نہیں لیا۔ What I would recommend to the Secretariat of the Youth Parliament in this case, next time Youth Ministry for education devise کر دی جائے جو education policy formulate کرے because I think we all the youth of this country and I think ہمارے politicians and governments جو پہلے نہیں کیا we should do those things as well. Thank you.

میڈم سپیکر: شکریہ۔ حفیظ اللہ وزیر صاحب۔

جناب حفیظ اللہ وزیر: شکریہ میڈم سپیکر۔ حماد بھائی نے بڑی زبردست بات کہی ہے۔ Youth Parliament کے interview میں مجھ سے پوچھا گیا کہ فاٹا کے مسائل کا حل کیا ہے؟ میں نے ایک ہی لفظ میں جواب دیا کہ education تو میڈم آسیہ کی طرف سے ایک اور سوال پوچھا گیا کہ کہا ہم تعلیم کے لیے بیس سال تک انتظار کریں گے؟ اگر ہم وہاں پر education start کریں تو بیس سال کے بعد اس کا result آئے گا۔ میں نے جواب میں کہا کہ نہیں کہ اگر education start ہو جائے تو وہاں پر جو youth غلطactivities میںinvolve ہے وہ automatically اس سے نکل جائیں گے اور غلط activities ختم ہو جائیں گی۔ میں خود HEC کا scholar ہوں، فاٹا، بلوچستان کے جو projects ہیں ہمیں funds دیے جا رہے ہیں لیکن کس بنیاد پر، ہمارا جب exam ہوتا ہے تو صرف وہ students کامیاب ہوتے ہیں جو FATA in ہوتے ہیں یعنی جنہوں نے matric and FSC FATA سے کی ہو۔ یہاں سب سے بڑا مسئلہ جو آتا ہے کہ فاٹا اور بلوچستان کی تعلیم کا ہمیں بخوبی علم ہے کہ وہاں پر کیا صورتحال ہے۔ میں یہ بتانا چاہوں تو شاید ایک گھنٹہ لگ جائے۔ اکثر لڑکے FSC باہر کی بجائے فاٹا یا بلوچستان ہی سے کرتے ہیں جو ان کے آگے جانے کا راستہ روک دیتی ہے۔ فاٹا میں ایسا کوئی کالج نہیں ہے کہ اگر وہ وہاں پر اپنی تعلیم شروع کرے تو وہ صحیح جگہ تک پہنچ سکے۔ صرف اس وجہ سے وہاں جاتے ہیں کہ بعد میں BA honours کرنے کے لیے یا MSc کرنے کے لیے مجھے scholarship ملے گا۔ حکومت نے جو اقدام لیا ہے، میرے خیال میں غلط ہے۔ FATA in اور بلوچستان کے students کو جو غربت کی وجہ سے باہر نہیں آ سکتے تھے، ان کے لیے ایک کوٹہ مختص کیا جائے لیکن وہ students جوFSc میں کسی طرح بھی باہر پڑھ سکے ہیں، ان کے ساتھ بھی یہ

ظلم نہ کیا جائے کہ وہ صرف اس بنیاد پر رہ جائیں کہ وہ FATA out ہیں۔ ایلیا نے جو بات کہی کہ نہ صرف PhD level پر scholarship provide کیا جائے بلکہ primary level پر بھی کیا جائے۔ ہمارا جو education system ہے جب ایک بار سکول میں داخل ہوتا ہے تو وہ تقریباً education complete کر دیتا ہے۔ First priority ہے کہ کتنے بچے سکول میں داخلہ لیتے ہیں، یہ ہماری first priority ہونی چاہیے اور ان کے لیے مختلف قسم کی facilities provide کرنی چاہییں۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: شکریہ۔ محترم الوینہ روف صاحبہ۔

مس الوینہ روف: میڈم سپیکر! میں اس resolution کو support کرتی ہوں لیکن یہ کہوں گی کہ جس ملک میں غربت زیادہ ہو اور جس ملک کے کچھ حصوں میں بچے پڑھ بھی نہ سکتے ہوں، وہاں ہم HEC scholarships کی بات کیسے کریں؟ جس ملک میں graduates زیادہ ہیں،ان کےپاس unemployment ہے، وہاں ہم HEC scholarships کو زیادہ کرنے کی بات کیسے کریں گے؟ میں چاہ رہی ہوں کہ پہلے poverty alleviation ہو، unemployment ختم ہو، نوجوان جو پڑھ چکے ہیں، ایم فل تک کر چکے ہیں لیکن ان کے پاس job opportunities نہیں ہیں۔ اگر وہ لائق ہیں تو باہر کی کوئی بھی یونیورسٹی ان کو خود PhD کے لیے invite کریں گی کہ وہ وہاں آ کر پڑھیں اور ہمارے ساتھ research کریں۔ اس لیے پہلے primary education free کر دی جائے، secondary and higher secondary education کچھ جگہوں پر free ہے لیکن کچھ جگہوں پر نہیں ہے۔ Higher and secondary education میںscholarships دی جائیں۔ جب آپ کو a, b, c یا پتا ہو، تب ہی ہم z تک جا سکتے ہیں۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: جناب اسامہ محمود۔

جناب اسامہ محمود: شکریہ میڈم سپیکر۔ یہ کہنا تو غلط ہو گا کہ اس حکومت نے PhD کے لیے کچھ نہیں کیا - PhD degrees کی بات کی جائے تو رحمٰن ملک وزیر داخلہ کے پاس بھی ڈگری ہے۔ بلاشبہ مشرف نے اس پر بہت کام کیا ہے۔ پہلے بیج لگتا ہے تو اگلی نسل اس کی فصل کاٹتی ہے اور اسی طرح سے آج یونیورسٹیوں میںPhD doctors موجود ہیں۔ آج بھی بہت سی یونیورسٹیوں میں masters and MPhill کرنے والے لوگ lecturers بھرتی کیے جاتے ہیں۔ آپ کو thesis کے لیے اچھا supervisor نہیں ملتا اس کی یہی وجہ ہے کہ صرف مشرف دور میں اس پر کام ہوا ہے اگر پہلے ہوا ہوتا تو PhD doctors کی تعداد زیادہ ہوتی۔ اس حکومت نے روک دیا ہے اور جب ہم لوگ اس طرف جائیں گے کیونکہ ایک عام آدمی کے لیے MPhill,

PhD کے بارے میں سوچنا بہت بڑی بات ہے اور جب وہ اس کے اخراجات کی طرف دیکھتا ہے تو یہ ہی بہتر سمجھتا ہے کہ نوکری کر لوں اس طرف دھیان نہ دوں۔ MPhill, PhD projects کو اگر حکومت support کرے تو بہت سے لوگ نہ صرف لاہور، کراچی جیسے بڑے شہروں سے بلکہ remote areas سے بھی اس طرف توجہ دیں گے۔ I am from Mass Communication اور جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ پورے ملک میں کتنی یونیورسٹیاں ہیں اور کتنے PhDs موجود ہیں تو گنے چنے لوگ سامنے آتے ہیں اور ان میں سےبھی بہت سے ایسے ہیں جنہوں نے اپنے خرچے پر باہر سے تعلیم حاصل کی ہے۔ اس لیے میں چاہوں گا کہ جس طرح سینیٹ نے اس بجٹ میں145 amendments کی ہیں تو اس کو بھی اسی بجٹ میں amend کر کے fund allocate کیا جانا چاہیے۔

Madam Speaker: Now I put the resolution to the House.

(The resolution was adopted)

Madam Speaker: Mr. Saleem Khan, Miss Elia Nouroze Ali, Mr. Amir Abbas Toori, Mr. Hafiz Ullah Wazir, Mr. Najeeb Abid Baluch and Mr. Usama Riaz would like to move the resolution.

Mr. Saleem Khan: I would like to move that;

"This House is of the opinion that 80% economy of Balochistan province is based on agriculture but unfortunately for the last two decades drought has almost destroyed the agriculture system as compared to other provinces. The water channel system in Balochistan is limited to only two districts while agriculture activities in the rest of the districts depends upon the tube wells and the load shedding has further destroyed the agriculture sector. Low voltage causes a huge damage to the tube wells resulting the financial losses of the farmer. This not only created the hurdle for stabilizing the economy but also discourage the lives of those relating to the agriculture sector. So this House demands the Federal Government to take revolutionary steps for implementation of agriculture reforms and also take the decision of withdrawal of electricity subsidy on agriculture tube wells which will be the benefit of the province and its people".

ساری باتیں تو واضح ہو گئی ہیں لیکن میں پھر بھی کچھ points discuss کروں گا۔ جیسا کہ ہم سب کو پتا ہے کہ بلوچستان بڑا صوبہ ہے۔ اگر ہم جغرافیائی طور پر دیکھیں تو یہ پاکستان کا 47% ہے۔ اس کا total area 347100 kilometer square ہے۔ اگر ہم اس کی population دیکھیں

تو یہ 6.6 million ہے 4.96% which is 4.96% of the total population of Pakistan. بہت کم ہے۔ یہ سب جانتے ہیں کہ this province is full of natural resources but unfortunately this province is the poorest province of Pakistan. اگر ہم per capita دیکھیں تو باقی صوبوں کے حساب سے بلوچستان کی per capita بہت ہی کم ہے۔ بلوچستان natural minerals کا ایک large reservoir ہے جن میں گیس اور کوئلہ شامل ہے جو یہاں سے produce ہو پاکستان کے دوسرے حصوں میں جاتا ہے۔

اسی طرح سے agriculture sector بھی پاکستان کی معیشت میں share کرتا ہے۔ ایسے بہت کم علاقے ہوں گے جو بلوچستان کے پھلوں کا مقابلہ کر سکیں۔وہاں پر main fruits میں palm, peaches, apricot, apple and different types of melons and water melon, cherries, black cherries ہیں اور اگر crop cultivation میں دیکھیں تو یہاں پر wheat, rice, maize, cotton in Loralai and Lasbaila districts of Balochistan میں ہیں۔ مختلف اقسام کی vegetables ہیں اور ان کے علاوہ بہت سا dry fruit یہاں سے produce ہوتا ہے۔ یہاں پر بڑا مسئلہ کیا ہے؟ بلوچستان میں تین systems use ہوتے ہیں۔ ایک تو کاریز ہیں جو کہ almost ختم ہو چکے ہیں، دوسرا tube wells ہیں، وہ بھی destroy ہونے والے ہیں اور تیسرا سیلابہ سسٹم اور wells ہیں جو کہ ختم ہو چکے ہیں۔ ہم tube wells پر بات کریں گے کہ یہ بلوچستان کے irrigation system میں ایک نیا اضافہ ہے یہ 100 kilometersسے water tap کرتا ہے یہ ڈیزل اور بجلی کے ذریعے سے چلتے ہیں۔ ایک ٹیوب ویل کی قیمت above 50 Lac ہے اور ایک agriculture region میں ایک وقت میں پانچ سے چھ انجن کام کرتے ہیں اور اگر ہم بجلی کی بات کریں تو چوبیس گھنٹوں میں صرف دو گھنٹے دی جاتی ہے جو کہ تقریباً نہ ہونے کے برابر ہے۔ دو گھنٹے کے لیے جو بجلی آتی بھی ہے اس کے voltages اتنے کم ہوتے ہیں کہ موٹر نہیں چل سکتی۔ اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ موٹر وغیرہ خراب ہو جاتی ہیں۔ کسان اپنے کام چھوڑ کر ان کو ٹھیک کرانے کے لیے شہر لے کر جاتے ہیں اور ان کو ٹھیک کرنے میں تین لاکھ روپے تک خرچ ہو جاتے ہیں اور اس طرح یہ کام چلتا رہتا ہے۔ ڈیزل کی بات کریں تو ایک انجن میں نو سے دس لیٹر ایک گھنٹے میں ڈیزل لگ جاتا ہے۔ اس طرح پانچ سے چھ انجن ایک وقت میں agriculture land میں استعمال ہوتے ہیں۔ ان کو اگر ضرب دی جائے تو ایک گھنٹے کے تقریباً ساٹھ لیٹر بن جاتے ہیں۔ اس ایک گھنٹے کی cost کسان خود دے گا اور کہاں سے پوری کرے گا؟بلوچستان میں یہ حالات ہیں اور agriculture system دن بدن ختم ہوتا جا رہا ہے۔ جن

crops and fruits کی ملک کے اندر اور ملک سے باہر بھی demand ہے۔ Cherry ملک سے باہر بہت سے ملکوں میں جاتی ہے اور دوسرے بہت سے پھل سیب وغیرہ بھی ہیں لیکن یہ بھی دن بدن ختم ہوتی جا رہی ہے۔ حکومت کوئی steps نہیں لے رہی۔ حکومت اور خصوصاً وفاقی حکومت کو چاہیے کہ ایسے steps لے جن سے یہاں کے farmers کی مدد ہو۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: شکریہ۔ محترمہ ایلیا نوروز علی صاحبہ۔

مس ایلیا نوروز علی: ہمارے پہلے سپیکر نے بہت سے باتیں پہلے ہی بتا دی ہیں۔ اس resolution کو لانے کا مقصد یہ ہے کہ ہمارے ملک کا سب سے پسماندہ صوبے کے مسائل پیش کیے جائیں کیونکہ یہاں کے لوگ اپنے علاقوں کے اندرونی مسائل سے زیادہ واقف ہیں۔ اس resolution کو پیش کرنے کا مقصد یہ تھا کہ ہمارے معزز ممبران کو پتا چلے کہ اس طرح کا مسئلہ ہے اور اس سلسلے میں اقدامات لیے جائیں۔ بلوچستان میں سب سے بڑا مسئلہ target killing کا ہے، صرف ا س پر focus کیا جاتا ہے اور دوسرے مسائل کو الگ کر دیتے ہیں۔ پورے resolution میں ساری باتیں واضح طور پر لکھی ہوئی ہیں کہ بلوچستان کا اسی فیصد انحصار صرف agriculture پر ہے اور اس کے کیا مسائل ہیں۔ میں صرف یہ کہنا چاہوں گی کہ اس مسئلے پر بھی غور کرنا چاہیے اور ہمارے معزز ممبر اس سلسلے میں بہت تفصیل سے بہت سی باتیں واضح کر دی ہیں۔

میڈم سپیکر: شکریہ۔ عامر عباس طوری صاحب۔

جناب عامر عباس طوری: شکریہ میڈم سپیکر۔ ہمارے علم میں ہے کہ پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور ہمارا انحصار زراعت پر ہے۔ ہم اپنے کھیتوں اور فصلوں کو مختلف طریقوں جیسے ٹیوب ویل، نہروں کے ذریعے سے پانی دیتے ہیں انہوں نے بڑی تفصیل سے بتا دیا ہے لیکن میں ایک دو نکتے عرض کرنا چاہوں گا کہ پچھلے ماہ ہمیں بلوچستان کے کوئٹہ سے ژوب تک کے region میں جانے کا اتفاق ہوا، یہ چار سو اسی کلو میٹر کا علاقہ ہے اور کافی زرخیز ترین علاقہ ہے۔ اس میں کچلاک، خانے بابا، خانوزئی، پشین اور آگے تک کا علاقہ ہے۔ وہاں کے زمینداروں کا بنیادی مسئلہ یہ ہے دن میں دو یا تین گھنٹے بجلی آتی ہے اور وہ بھی نہ ہونے کے برابر ہے اور اس سے فائدہ ہونے کی بجائے ہمیں نقصان ہو رہا ہے۔ اس سےہماری مشینوں جل رہی ہیں۔ وہاں پر ہم نے یہ متعارف کرایا ہے کہ زرعی ٹیوب ویل کو solar energy پر چلایا جائے۔ ایک دو test ہوئے لیکن وہ capable نہیں تھے کیونکہ اگر پانی کی depth سو سے ڈیڑھ سو فٹ کے قریب ہو تو ہم اس کو alternate source energy

provide کر سکتے ہیں لیکن کچلاک region میں پانی چار سے ساڑھے چار سو فٹ کے قریب ہے اس لیے یہ کافی مشکل ہو جاتا ہے کہ اس کو wind or solar کے ذریعے سے بجلی فراہم کی جائے۔ ان کی ایک شکایت یہ بھی تھی کہ ہمیں بجلی کا bill بیس ہزار سے پچاس ہزار کے قریب آ جاتا ہے اور مہینے میں دس دن تو ہمارے احتجاج میں گزرتے ہیں۔ اگر ہم احتجاج نہ کریں تو کیا کریں احتجاج کرنے کی وجہ سے ہمیں جیل میں ڈال دیا جاتا ہے۔ ان کے کافی مسائل ہیں۔ حکومت بلوچستان کو چاہیے کہ اس مسئلے پر سنجیدگی سے غور کرے کیونکہ ہمارے بہت سےایسے پھل ہیں جن کو export کرنے سے پاکستان کو کافی زر مبادلہ ملتا ہے۔ اگر ہم نے اس وقت اور خاص طور ان معاملات کے سلسلے میں سنجیدگی نہ دکھائی تو دن بدن ہمارا زراعت کا سلسلہ خراب ہوتا جائے گا۔ ہمیں چاہیے کہ زمینداروں کے لیے مسائل پیدا کرنے کی بجائے ان کو facilitate کریں۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: شکریہ۔ جناب حفیظ اللہ وزیر صاحب۔

جناب حفیظ اللہ وزیر: شکریہ میڈم سپیکر۔ جہاں پر بلوچستان کا رونا شروع ہو جاتا ہے تو مجھے لگتا ہے کہ فاٹا کے لوگ بھی بہت رو رہے ہیں۔ سلیم خان اور ہمارے دیگر ممبران نے صرف بلوچستان تک محدود رکھا ہے۔ میں نے اس کو صبح پڑھا ہے۔ باتیں تو سب ہو چکی ہیں لیکن پاکستان کا سب سے پہلا مسئلہ دہشت گردی ہے اور جو بھی اٹھتا ہے وہ اس کا علاج یہ ہی بیان کرتا ہے کہ لوگوں کو employment provide کی جائے۔اگر لوگ اس میں مصروف ہوں گے تو پھر کون لوگ دہشت گردی میں حصہ لیں گے۔ بلوچستان کی زراعت کی اہمیت کو کوئی رد نہیں کر سکتا کیونکہ پاکستان میں زیادہ تر میوہ جات بلوچستان ہی سے آتے ہیں۔ حکومت کو بھی چاہیے کہ وہاں کے کسانوں کے لیے زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرے۔ ٹیوب ویل کی بات کی گئی اور یہ بات ٹھیک ہے کیونکہ ہمارے اپنے گھر میں لگا ہوا ہے کیونکہ ہماری زمین کا کچھ حصہ اس کے ذریعےسیراب کرتے ہیں لیکن بدقسمتی سے وہاں پر بجلی نہیں ہوتی۔ جب بجلی نہ ہو تو ہمیں ڈیزل انجن سٹارٹ کرنا پڑتا ہے اور جب انجن سٹارٹ ہو جائے تو اس پر جتنا خرچ اٹھتا ہے، اتنا کسان کو زراعت سے فائدہ نہیں ہوتا۔ میں صرف یہ ہی تجویز دیتا ہوں کہ اس مسئلے پر غور کیا جائے۔

میڈم سپیکر: شکریہ۔ جناب نجیب عابد بلوچ صاحب۔

جناب نجیب عابد بلوچ: شکریہ میڈم سپیکر۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ پہلے تو اس resolution میں ایک correction کرانا چا ہوں گا۔to take back decision جو withdrawal subsidies کا لکھا ہوا ہے۔ ہم اس پر subsidy ختم نہیں بڑھانا چاہتے ہیں۔

میڈم سپیکر: کون سی لائن میں ہے؟

جناب نجیب عابد بلوچ: یہ جو بیچ میں ایک decision ہوا ہے کہ agriculture پر subsidy withdraw کی جائے، اس کو ختم کیا جائے کیونکہ اس کو ختم نہیں کرنا چاہیے بلکہ زیادہ subsidy دینی چاہیے۔ میڈم سپیکر! بلوچستان کا جو upper region ہے، جو northern Pashtoon areas ہیں، اگر پورے بلوچستان کی اسی فیصد ہے تو پشتون علاقے کی تقریباً نوے فیصد عوام اور ہمارے بھائیوں کے روزگار کا ذریعہ یقیناً زراعت ہے۔ کوئٹہ میں under ground water level سات سو فٹ تک پہنچ چکا ہے۔ حکومت کی عدم توجہی کی وجہ سے کوئی reservoirs, Dams نہیں بنائے گے تا کہ under ground water level اوپر آ جائے کیونکہ بلوچستان میں نہری نظام نہیں ہے other thanنصیر آباد ڈویژن جہاں پٹ فیڈر اور کچھی کینال ہے۔ اگر اس کے solution کی طرف جایا جائے اور دور اندیشی سے دیکھا جائے تو ایک ہی حل ہے کہ وہاں پر بڑے پیمانے پر water reservoirs بنائے جائیں تا کہ water level اوپر آ جائے۔ اب ٹیوب ویل کے ذریعے سات سو فٹ سے پانی اوپر لانے کی cost, maintenance ایک headache بنا ہوا ہے اور اس کسان کے لیے اپنی cost نکالنا بھی مشکل ہو گیا ہے۔ اس حوالےسے میں پچھلے دنوں پشین، چمن، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ گیا ہوا تھا وہاں پر لوگوں نے farming کرنا ہی چھوڑ دی ہے کہ ہماری cost recover نہیں ہو رہی۔ اس کا حل یہ ہے کہ حکومت اس پر جلد از جلد steps لے کر reservoirs بنائے۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: شکریہ۔ جناب محمد حماد ملک صاحب۔

جناب محمد حماد ملک: جناب سپیکر! یہاں پر بلوچستان کے حوالے سے ایک بہت اہم مسئلہ زیر بحث ہے۔ ہم ایک agriculture economy ہیں اور اس وقت رقبے کے لحاظ سے ہمارا سب سے بڑا صوبہ بلوچستان ہے اور وہاں کی زیادہ تر آبادی کاشت کاری ہی کرتی ہے۔ وہاں پر جو مسائل ہیں، ان کو یہاں پر بیان کیا گیا ہے۔ جناب! بلوچستان کے حوالے سے سب جانتے ہیں کہ وہاں پر average rain fall 60 to 80 millimeter per year سے زیادہ نہیں ہے۔ یہ بھی اس وجہ سے ہے کہ وہاں کے کچھ علاقے height پر ہیں جہاں پر بارش ہو جاتی ہے اس لیے جب پورے ملک کی اوسط نکالتے ہیں تو یہ کچھ بڑھ جاتی ہے ورنہ کئی ایسے علاقے بھی

ہیں جہاں سال ہا سال بارش نہیں ہوتی ۔ اس وجہ سے بلوچستان میں نہ تو کوئی نہری نظام بنا کیونکہ کوئی permanent دریا وہاں پر نہیں ہے۔ بلوچستان کا ایک طریقہ کاشتکاری کاریزوں کا نظام تھا۔ جناب سپیکر! مجھے یاد ہے کہ ایک زمانے میں جب عوام PTV دیکھا کرتے تھے تو بلوچستان کے کاریز کے نظام کو بہت دکھایا جاتا تھا لیکن اس وقت بھی کسان یہی رونا روتے تھے کہ ہم نے یہ اپنی محنت سے اپنے بل بوتے پر کاریز بنائی ہیں، اس سلسلے میں حکومت کی طرف سے کوئی توجہ نہیں دی گئی۔ اب اس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ کاریز سے کی جانے والی کاشتکاری تقریباً ختم ہو چلی ہے۔

بلوچستان کے مسئلے کے حل کےسلسلے میں نجیب صاحب نے بہت اچھی باتیں کیں کہ dams وغیرہ بنائے جائیں۔ اس وقت ہماری سب سے بڑی ضرورت dams ہیں اور پاکستان میں نئے projects کے علاوہ پرانے اور بڑے ڈیم جو دیگر صوبوں میں بنائے گئے ان کے بنانے کا پہلا مقصد کاشتکاری اور دوسرا electricity generation ہوتا تھا۔ بلوچستان کا علاقہ ایسا ہے کہ وہاں اچانک بارش ہوتی ہے، flash floods آتے ہیں اور وہاں پر rain fall control کرنے کے ڈیم بنا دیے جائیں تو بہت اچھا ہو گا اور ان ڈیموں سے نہروں کے ذریعے مختلف علاقوں کا پانی مہیا کر دیا جائے تو بہت اچھا ہو گا۔ ایک وقت تھا کہ ہم پڑھا کرتے تھے کہ بلوچستان کا پھل دنیا بھر میں مشہور تھا۔ بلوچستان کا سیب اپنی قسم کا ایک عمدہ پھل ہوا کرتا تھا لیکن ہماری عدم توجہی کی بنا پر بلوچستان میں بہت ہی کم پھل لگتا ہے۔ کچھ دن پہلے TV پر ایک documentary میں بتایا جا رہا تھا کہ کوئٹہ اور اس کے قریب کے باغات تقریباً بنجر ہو چکے ہیں۔ یہ حکومت کی عدم توجہی ہے۔ ایک معزز ممبر نے solar tube well کی بات کی تو یہ ایک بہت اچھا initiative ہے ۔ نجیب صاحب نے بتایا کہ water level 700 feet تک گر چکا ہے۔ جب ہم زیادہ پانی نکالتے ہیں تو automatically water level drop ہوتا ہے لیکن جہاں تک میری معلومات ہیں کہ اس قسم کے solar tube wells آ چکے ہیں جو 750 feet depth سے پانی کھینچ سکتے ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ اس طرف توجہ دے کر ایسے programmes initiate کرے تا کہ صوبے میں ترقی ہو۔

اس کے علاوہ حکومت وہاں پر ایسی crops دے سکتی ہے جو کم بارش میں پیدا ہو سکیں۔ ہمارے ملک میں گندم زیادہ کاشت کرتے ہیں اور اس کے بعد مکئی کاشت کرتے ہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ ہماری روزمرہ کی خوراک ہے۔ اگر بلوچستان میں خوراک دوسرے صوبے سے فراہم کی جائے اور وہاں پر ایسی crops لگائی جائیں جو بہت کم پانی لیتی

ہوں یا اس قسم کے پھلوں کی طرف لایا جائے تو یہ بھی بہت اچھا اقدام ہو گا کیونکہ اگر بارش نہیں ہوتی تو ہمارے پاس اس کو کوئی علاج نہیں ہے ۔ ہم اس کو secure ہی کر سکتے ہیں اور انشا اللہ وہ کیا جانا چاہیے۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: شکریہ۔ جناب ساگر کمار کتیجہ صاحب۔

جناب ساگر کمار کتیجہ: شکریہ میڈم سپیکر۔ میرے تمام ساتھیوں نے تقریباً تمام باتیں کر لی ہیں۔ حماد ملک صاحب نے بڑے اچھے مشورےدیے ہیں۔ میں صرف یہ کہنا چاہوں گا کہ اسی پانی کے کم level, load shedding کی وجہ سے کوئٹہ، اس کے مضافات اور بہت سے دیگر علاقوں وغیرہ میں کاشتکاری کے لیےsewerage water use کیا جاتا ہے، یہ صحت اور معاشرے کے لیے بھی بہت نقصان دہ ہے۔ میں ایک correction بھی کرنا چاہوں گا۔ سلیم خان صاحب نے 6.6 million population کہی تھی، یہ اب 13 million ہو چکی ہے۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: جناب تیمور شاہ صاحب۔

جناب تیمور شاہ: شکریہ میڈم سپیکر۔ یہ resolution یقیناً اس قسم کی ہے کہ کوئی بھی ممبر اس کو دیکھ کر اس سے اختلاف نہیں کرے گا۔ میرا صرف ایک سوال ہے کہ اس میں Federal Government کو کیوں کہا گیا ہے Provincial Government کو کیوںinvolve نہیں کہا گیا؟ شکریہ۔

میڈم سپیکر: گوہر زمان صاحب۔

Mr. Tabraiz Sadiq Marri: Madam, I want to reply.

یہ وہاں provincial governmentکے پاس نہیں Federal governmentکے پاس پڑا ہے۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: جناب گوہرزمان صاحب۔

جناب گوہر زمان: شکریہ میڈم سپیکر۔ اس پر بہت elaborated بات ہو چکی ہے۔ میں اس میں یہ addکرنا چاہتا ہوں کہ وہاں پر canal irrigation system possible نہیں ہے اور traditional means with the passage of time fade up ہو جاتے ہیں کیونکہ water table نیچے چلا جاتا ہے۔ Modern techniques should be applied and government should take initiatives in using modern techniques for agriculture and should provide immediate attention to this issue. Thank you.

میڈم سپیکر: جناب تبریز مری۔

Mr. Tabraiz Sadiq Marri: Thank you madam speaker. I think enough has been said and done and my friends and colleagues have covered all the aspects. Thank you.

میڈم سپیکر: جناب عمر ریاض صاحب۔

Mr. Muhammad Umar Riaz: Thank you madam speaker. Nobody is unaware of the fact that the minerals rich province is facing the drought, the lack of water resources and it is affecting the agricultural economy of the province. What we need to do is that NEPRA and PEPCO are working under the Federal Government and as it has been claimed that the electricity generation and control of water resourced are not lying within the purview of the provincial government. What we need to do is that the federal government should devolve these powers and should take immediate steps for the devolution of these powers to the respective provinces. As it has already been stated that the water resources are need to be enhanced by the use of modern technology but what kind of modern technology is to be utilized. Despite the continuous promises of making new dams in the country, we have failed to fulfill this promise up till now. What we need to do is to construct dams on immediate basis. We need to finalize the process as soon as possible because that is the major need of our country. Without that we would not be able to achieve the standards of agricultures, we will not be able to increase the growth rate of Pakistan and the economy would always remain in tat its. Madam Speaker, as we already know that the agriculture economy and energy crisis is connected, we need to enhance our energy resources so that may directly affect our economy in a very positive way and manner. I would also like to congratulate the movers of this resolution. Such immediate actions must be taken and all the possibilities which have been asked for in this particular resolution must be ensured for the proper functioning of the economy of the country. Thank you very much.

Madam Speaker: We will now suspend our business for a while and I would like to introduce you with the honourable guest speaker of the day Senator Muhammad Ishaq Dar sahib. He is politically affiliated with the Pakistan Muslim League (Nawaz). He is Leader of the Opposition in the Senate and also serving as parliamentary leader of the PML in the senate of Pakistan.

He has earlier served as Finance and Commerce Minister of Pakistan. Mr. Dar is a graduate of the Punjab University where he received his Bachelor of Commerce with

honours and was awarded two gold medals and role of honour for the first position in the university of Punjab. Dar has also received his Charted Accountancy from ICAEW, UK and was elected as senator in 2003 and later in 2006. In 1997 he was appointed as Federal Commerce Minister and in 1998 he was given charge of Finance Minister also.

Senator Muhammad Ishaq Dar: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم۔Madam Speaker, young youth parliamentarians السلام علیکم and very good morning. It is in deed a great pleasure to be here with all of you. You are the future of Pakistan and I would try to be very brief so that we can have more time for our questions and answers because you may be having many thing to ask and I was very impressed hearing while waiting to join Madam Speaker. A very good question about the mineral resources so I thought somebody speak in my mind. So was really delighted that you are alive and you are sensitized to the issues of Pakistan. Let me tell you that Pakistan unfortunately has been facing very serious challenges. Challenges do come in a nations life but challenges do bring opportunity also. Regrettably that while the challenges have been deepening in Pakistan the opportunities have not been availed properly. I call the last decade which was 1999 onwards a last decade in Pakistan and I say why, I substantiate my statements. I will briefly through light on the economic issues which are being faced by Pakistan. So that the youth should ponder and also come up with some innovative ideas and as I said one of the idea is to explore our own God gifted resources. First of all we have very low economic growth. Now this low economic growth, we have almost population growth over 2.2, 2.3% and our average population growth of last one decade has been very low particularly it is ranging between 2 to 3 ½%. Certainly if you net of with the increase in population the real growth is hardly there. Coupled with this low growth the acute energy shortages which Pakistan is facing today and has been facing for the last few years is also one of the major cause of low economic growth. This in my calculation is causing something loss of 2 to 3% of economic growth because of the acute energy shortages and low grass domestic output. We will also talk whether we have some solutions to these problems? Yes we have and if there is a political will and if there is a real good governance and transparency, I think these issues are handle able and they are solvable. Why I say this things because I as a Finance Minister faced the worst sanctions of Pakistan. Never in the history the Pakistan faced so acute and the difficult

period in the economic history of Pakistan was when the country went for nuclear detonation. You are wise people, you obviously would not expect any Muslim country the only who would go nuclear and test its own capability, become successful and you will not be punished by non Muslim community in the world. Let there be no doubt the whole western block rose against Pakistan. The most difficult sanctions were imposed in Pakistan but most of you would be fairly young, I am talking 1998, almost 14 years ago but you would not recall any queues for petrol, shortage of electricity, any queues for food, rationing wherever there have been sanctions be it Iraq, Libya, Iran, there have been serious difficulties for the common man but not a single difficulty was faced by an average Pakistani. We managed well. Pakistan has a great resilience in its nation and one can easily handle it but provided as I said there is a political will and there is good governance, there is honesty in your approach and there is hard work. So, all these are doable. Another sad news for the year we have just closed is that we have 12 ½ %the lowest investment in last 60 years in Pakistan. It should be something like 22 ½ to something like 30%. So we had the lowest in 60 years 12 ½%. We have continuing decline in the foreign direct investment in Pakistan. We have stagnating agriculture and industrial growth. These are our real sectors. The agriculture is backbone of Pakistan's economy. It is the fastest producing result sector and segment of Pakistan economy but we have ignored. The last decade why I call it a failure, Pakistan had two opportunities to build its economy. One was the first cold war when Gen. Zia ul Haq was here but unfortunately a dictator only used that opportunity to prolong his tenure and not worry for the country. The 2nd tenure was the post 9/11. We proved to be bad bargainers, I am not saying that we are a saleable commodity but there is no harm in claiming your real losses. We had a very poor bargain. For example Turkey, they wanted to use the same facilities which they used from Pakistan for Afghanistan and they wanted to use Turkey for Iraq. Turkish people demanded 56 billion dollars, US offered 26 billion dollars counter offer, Turkish Parliament vetoed and said we will not allow our territory to be used against another country and we will only allow to passage of humanitarian goods and dead bodies and they still charged 6 billion dollars. Unfortunately again another dictator's era because usually they are more concerned about their perpetuity of their continuity of their own governance and their own rule. So we lost another opportunity and you might have

جناب عمر رضا: میڈم سپیکر! یہ street crimes اور اس قسم کے beggary کےجوواقعات پیش آتے ہیں اس کی وجہ غربت ہے۔ ملک میں غربت بہت زیادہ ہے۔ جب ہم آبادی کو کنٹرول کرنے کی بات کرتے ہیں تو مولانا صاحب کہتے ہیں کہ ایک مزدور جس کے دس بچے ہیں اس کا ہر بچہ اپنا رزق اپنے ساتھ لاتا ہےجب کہ قران پاک میں یہ بات موجود ہے انسان کو اپنے حالات پر تدبر اور تفکر سے کام لینا چاہیے۔ پچھلے دنوں دبئی میں ایک بچے کے ساتھ بد فعلی کی گئی اور اس کے ملزم کو تیسرے دن سر عام چوک میں پھانسی دے دی گئی تو میری اس platform کے through Chief Justice sahib سے گزارش ہے کہ بچوں کے ساتھ اس ملک میں جو اس قسم کے واقعات پیش آ رہے ہیں ان کے اوپر suo moto action لیں۔

میڈم سپیکر: یہ 'بدفعلی' کا لفظ کارروائی سے حذف کیا جائےجناب ساگر کمار صاحب۔

جناب ساگر کمار: میرے ساتھیوں نے بہت سے points cover کر لیے ہیں اور بہت اچھے مشورے بھی دیے ہیں اس لیے میں بہت مختصر بات کروں گا کہ جو سیلاب سندھ میں آئے ہیں ان سے بھی بہت سارے نقصانات ہوئے ہیں۔ وہاں سے متاثرہ لوگوں کے سکول جانے والے بچے بھی متاثر ہوئے ہیں اور اب وہ بھیک مانگتے ہیں۔ اس وقت پاکستان تقریباً ستر ہزار بچے سڑکوں پر بھیک مانگتے نظر آتے ہیں۔ اس کے علاوہ بچوں سے جبراً مشقت لی جاتی ہے یعنی child labour اتنی عام ہے ۔ اس میں زیادہ سے زیادہ دس سے پندرہ سال کے بچے involve ہیں ۔ میرے خیال میں ہمارے معاشرے کا ضمیر اتنا مردہ ہو چکا کہ وہ بچوں کو بھی spare نہیں کرتا۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: شکریہ۔ جناب سہیل ملک۔

جناب محمد سہیل ملک: میڈم! اس resolution کے بارے میں معزز اراکین نے بہت اچھی باتیں کی ہیں اور انہوں نے تجاویز بھی دی ہیں۔ میں بھی چند ایک باتیں کرنا چاہوں گا۔ اس مسئلے کا ذمہ دار ہم ہمیشہ گورنمنٹ کو ٹھہراتے ہیں لیکن اگر حقیقتاً دیکھا جائے تو مسئلہ گھمبیر صورت حال اختیار کرتا جا رہا ہے ، اس کی ذمہ دار نہ صرف گورنمنٹ ہے بلکہ اس میں شامل عام لوگ بھی ہیں اور plus NGO sector بھی ہے۔ گورنمنٹ کس طرح ذمہ دار ہے، وہ بچے جو بچوں کی definition میں آتے ہیں اور ان سے کام لیا جاتا ہے، ان کی عمر چار سال سے لے کر چودہ سال ہے اور پاکستان کی پاپولیشن تقریباً چار سے پانچ کروڑ ہے لیکن بچوں کی exact تعداد معلوم نہیں ہے۔گورنمنٹ آف پاکستان یہ بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ ہر

بچے کی enrolment سکول میں لازمی کروائے۔ سکول میں اتنی seats بھی نہیں ہیں کہ ہر بچے کو enroll کرایا جا سکے۔ گورنمنٹ کو چاہیے کہ سکولوں کی تعداد بھی بڑھائے اور ghost سکولوں کا بھی خاتمہ کیا جائے۔ اس کی NGOs کس حد تک ذمہ دار ہیں۔

میڈم سپیکر! اگر آپ لوگوں نے باتیں کرنی ہیں تو مہربانی کر کے باہر چلے جائیں یہ زیادہ مناسب ہو گا۔ جی سہیل صاحب۔

جناب محمد سہیل ملک: میں کہہ رہا تھا کہ اس کی NGOs کس طرح سے ذمہ دار ہیں وہ اس طرح ہے کہ اگر پاکستان کی پاپولیشن کے اندر آپ نے approach کرنا ہے تو وہ rural areas ہیں۔ اسلام آباد یا بڑے شہروں میں رہ کر پاکستان کے لوگوں کی خدمت نہیں کی جا سکتی، fund generation تو کی جا سکتی ہے ، میریٹ اور سرینہ میں رہ کر conferences تو کی جا سکتی ہیں لیکن بچوں کو ان سے کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا۔ میری یہ تجویز ہے کہ گورنمنٹ کو NGO sector کی بھی regulation کرنی چاہیے جیسے کہ PTA اور سٹیٹ بنک کے through دوسرے اداروں کی regulation ہوتی ہے تو اسی طرح NGOs کی بھی regulation ہونی چاہیے تاکہ ان کو ان جگہوں پر بھی بھیجا سکے جہاں پر ان کی ضرورت ہے۔ اسی طرح جنرل پبلک بھی اس کی ذمہ دار ہے کہ ہماری نظروں کے سامنے اور ہمارے گھروں میں جو کچھ ہوتانظر آ رہا ہے ہم اپنی آنکھیں اس وقت بند کر لیتے ہیں کیوں کہ اس سے ہمارا اپنا فائدہ ہو رہا ہوتا ہے اور ہمارا اپنا کام نکل رہا ہے۔ ایک بچہ جو لیبر میں استعمال ہوتا ہے اس کے ساتھ ایک نہیں بلکہ کئی قسم کی زیادتیاں ہوتی ہیں۔ سب سے پہلے تو اس سے اس کا بچپن چھین لیا جاتا ہے اور وہ اپنے بچپن کو enjoy نہیں کر سکتا۔ اس سے اس کا مستقبل بھی چھین لیا جاتا ہے۔ یہی بچے پھر کہیں جا کر یا تو طالبان بنتے ہیں یا یہی بچے drug mafia یا قبضہ مافیا کا حصہ بنتے ہیں۔ بچے جہاں کام کرتے ہیں تو ان کو اپنے کام کا صحیح معاوضہ بھی نہیں ملتا .they are paid less than their jobs آخر میں میں یہ کہوں گا کہ ان پر تشدد بھی کیاجاتا ہے۔ جس طرح resolution میں National Commission for Human rights کا ذکر آیا تھا تو NCHR کے employees کو تو تحفظ دیا جائے وہ ہمیشہ سڑکوں پر اور پریس کلب کے سامنے آنسو گیس اور baton charge کا سامنا کرتے ہیں اگر ان کے rights protect نہیں کیے جائیں گے تو وہ بچوں کے rights کو کیسے protect کر سکتے ہیں۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: محترم جناب یاسر ریاض صاحب۔

جناب یاسر ریاض: شکریہ میڈم۔ یہاں پر بہت کارآمد باتیں کی گئی ہیں اور تقریباً تمام پہلوؤں کو cover کر لیا گیا ہے۔ میں صرف دو چیزوں پر بات کرنا چاہوں گا۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ جب کسی بھی وجہ سے کوئی بچہ kidnap ہوجاتاہے یا run away children street begging میں involve ہوتے ہیں ان کو ایسی situation میں بچپن گزارنے کے بعد معاشرے کا کارآمد شہری بنانا بہت مشکل ہو جاتا ہے۔ جب وہ بڑا ہو جاتا ہے تو اس کے جرائم پیشہ افراد میں شامل ہونے کے زیادہ chances ہوتے ہیں۔ اگر ہم street beggars کی hierarchy پر ذرا غور کریں تو پھر یہ چیز ہمارے سامنے آتی ہے کہ یہ بہت منظم گروہ ہے یہ کوئی عام مسئلہ نہیں ہے۔ اگر ہم street children کا interview کریں تو یہ بہت منظلم گروہ ہیں ، اس کے پیچھے ایک hierarchy موجود ہے۔ ان کے علاقے تقسیم ہوتے ہیں ، اس کی بولیاں لگتی ہیں، اس کے تحت ایک بندہ علاقے کا ٹھیکہ لیتا ہے اور پھر وہ بچوں سے beggary کرواتا ہے۔ اس تمام process میں جب وہ علاقے تقسیم ہو رہے ہوتے ہیں تو بدقسمتی سے ہماری پولیس اس معاملے میں حصہ دار بھی ہوتی ہے اور حصہ وصول کرتی ہے۔

میرے ایک معزز رکن نے کہا کہ پولیس کو اس میں involve کیا جائے اور ان سے کہا جائے کہ وہ ان کی registration کریں تو میرے خیال میں پولیس ان کے بارے میں اچھی معلومات رکھتی ہے اور ان کی اس بارے میں معلومات نہ ہوں تو ان کی اپنی monthly میں کمی آ سکتی ہے۔ ہمیں way forward پر بات کرتے ہوئے ہمیں یہ مد نظر رکھنا چاہیے کہ ہمارے جو law enforcement ادارے ہیں ان کا جو negative role ہے اس کو سب سے پہلے ہمیں eradicate کرنا چاہیے اور اس کے ساتھ ساتھ یہ چیز مدنظر رکھنی چاہیے کہ بچے معاشرے کا حصہ ہیں اور اس میں صرف گورنمنٹ کی ذمہ داری نہیں بلکہ ہمارے پورے معاشرے کی مجموعی ذمہ داری ہے کہ ہم ان بچوں کی welfare کا کام کریں۔ بہت شکریہ۔

میڈم سپیکر: جناب محمد وقار چوہدری صاحب۔

جناب محمد وقار چوہدری۔ شکریہ سپیکر صاحبہ۔ میں جو نقاط اٹھانا چاہتا تھا وہ پہلے ہی معزز ممبران نے cover کر لیے ہیں لہذا میں ایوان کا وقت نہیں لینا چاہتا۔

میڈم سپیکر: جناب اسامہ محمود صاحب۔

جناب اسامہ محمود: شکریہ محترمہ۔ بچے قوم کا قیمتی سرمایا ہیں۔ یہ بات اکثر گورنمنٹ کے سکولوں کی دیواروں پر لکھی ہوتی ہے۔ ہماری سوسائٹی میں المیہ ہے کہ ہم قوم کے اثاثوں کو ضائع کرتے ہیں۔ میں child labour اور اس resolution کے حوالے سے دو

study case ضرور discuss کرنا چاہوں گا جو میری زندگی کا practical experience بھی ہے اور اس میں way forwards بھی سامنے آتے ہیں۔ میں محترمہ ایک شخص سے ملا جو اٹھائیس سال پہلے لاہور کی سڑکوں پر بھیک مانگا کرتے تھے اور جھونپڑی میں رہتے تھے۔ اب وہ ایک کمپنی کے جنرل مینجر ہیں۔ میں نے ان سے پوچھا کہ آپ کس طرح ہماری اس سوسائٹی میں exist کر کے ایک جھونپڑی سے اور سڑک پر بھیگ مانگنے کے process سے گزر کر آج جنرل مینجر کے عہدے پر فائز ہیں۔ اس نے کہا کہ مجھے ایک businessman ملا اور اس نے میری education کے سارے expenditures اٹھائے اور آج میں ادھر بیٹھا ہوں۔ میرا اب یہ عزم ہے کہ میں بھی ایسے کام کو جاری رکھوں گا۔

اس کے بعد میں ایک ایسے شخص کو ملا جس کی دو شادیاں تھیں اور گیارہ بچے تھے اور وہ صاحب ایک ---کام کرتے تھے اور ان کے گیارہ بچوں میں سے نو بچے سٹالوں پر کام کرتے تھے۔ ہماری بھی اس مارکٹ میں شاپ تھی۔ میرا دل ان کو دیکھ کر دکھتا تھا جب وہ سب اکٹھا ہوتے تھے۔ میں نے اس شخص سے کہا کہ تم کتنی بڑی زیادتی کر رہے ہو، تمہیں تو نہ اللہ معاف کرے گااور نہ ہی گورنمنٹ کو تمہیں معاف کرنا چاہیے، آپ نے گیارہ بچوں کا بچپن بھی چھین لیا ہے، ایسے بچے معاشرے کے لیے کتنے خطرناکن ثابت ہوں گے، تمہیں اس چیز کا اندازہ نہیں ہے۔ مجھے اس نے ایک عجیب جواب دیا کہ جتنے زیادہ بچے ہوں گے اتنے زیادہ پیسے آئیں گے۔ میں نے ایک way forward جو آٹھ سال پہلے خیال کیا کہ دو چیزیں بڑی interlinked ہیں، ایک غربت ہمارے ملک میں زیادہ ہے اور دوسرا population کا رجحان بڑھتا جا رہا ہے، جوں جوں populationبڑھتی ہے، غربت بھی بڑھتی جاتی ہے اور اس کے results ایسی ہی صورت میں سامنے آتے ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ district level پر ایسے incentives سامنے لائے جس میں door to door campaign ہونی چاہیے اور ایسے افراد جن کی تنخواہیں پندرہ ہزار سے کم ہیں اور اگر ان کے تین چار بچے ہیں اور وہ ان کو matric level تک educate کرتے ہیں تو ان کو incentives دینے چاہییں۔ لوگ اپنے بچوں کو تعلیم کی طرف نہیں بھیجتے کیوں کہ وہ اپنے بچوں کو practical life کی طرف پیسے کمانے کے لیے جاتے ہیں۔ اگر ایجوکیشن فری ہے ، بیلتہ فری ہے تو اگر گورنمنٹ ایسے steps اٹھا کر لوگوں کو اس طرف رغبت دلا کر لائے کہ اگر ان کے بچے میٹرک یا انٹرمیڈیٹ تک ایجوکیشن حاصل کریں گے تو پھر ان کو incentives دیئے جائیں گے۔ ایسی جو کلاس ہے وہ اس کو adopt کرے گی۔

دوسری بات یہ ہے کہ development support communication campaign جیسے NGOs ہیں ان کے role کو مزید motivate کرنا چاہیے کیونکہ NGOs بڑا اہم کردار ادا کرتی ہیں اور وہ اس معاشرے میں کر رہی ہیں۔

تیسری تجویز یہ ہے کہ media annual reports district wise publish ہونی چاہییں کہ کس ڈسٹرکٹ میں کس حد تک بچے exploit ہو رہے ہیں، یہ اس معاملے کو solve کرنے میں بڑی helpful ثابت ہو گی۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: جناب جمال جامعی صاحب۔

جناب جمال نصیر جامعی: شکریہ میڈم سپیکر۔ ان street children میں تین قسم کے بچے ہوتے ہیں۔ ایک وہ جو نا مسادعد حالات کی وجہ سے گھر سے خود فرار ہو گیا یا گھریلو تنازعات کی وجہ سے۔ دوسرے وہ بچے ہیں جو اغوا کر کے لائے جاتے ہیں اور تیسرے وہ ہوتے ہیں جن سے والدین خود بھیک منگوا رہے ہوتے ہیں یا کسی جگہ پر ان سے کام کروا رہے ہوتے ہیں۔ جن کے والدین خود بھیک منگوا رہے ہیں یا کام کروا رہے ہیں وہ تو ویسے بھی قابل گرفت ہیں ۔ جو بچہ خود گھر سے فرار ہوا ہے اس کے حوالے سے یہ بات ہے کہ اگر ہم ایک ایسا نظام وضح کریں بے شک جو بڑے سرکاری ہسپتال ہیں یا پرائیویٹ ہسپتال ہیں ان کو کم از کم قانون کے مطابق تو پابند بنایا جائے کہ ہر بچہ وہاں پیدائش کے بعد discharge ہونے سے پہلے registered ہو گا۔ اس سے ہمیں یہ پتا چلے گا کہ ملک کی آبادی کتنی ہے اور بچے کے والدین کونسے ہیں۔ اس کے علاوہ بات یہ ہے کہ جو بھی بچہ street پر رہ رہا ہے وہ انسان کا بچہ ہے، اس کا شجرہ نسب کہیں نہ کہیں جا کر ملتا ہے۔ اصل مسئلہ بچے کا نہیں ہے کیونکہ بچہ تو بچہ ہوتا ہے وہ والدین کی ڈانٹ سے فرار ہو گیایا مساعد حالات اور گھریلو تنازعات کی وجہ سے لیکن اگر education نہیں ہے صحت نہیں ہے تو اس کا قطعاً مطلب یہ نہیں ہے کہ پہلے ادوار میں جب سہولیات موجود نہیں ہوتی تھیں تو بچے سڑکوں پر سویا کرتے تھے۔ اصل مسئلہ law and order کا ہے اور جیسے یہاں پہلے بھی بات آئی ہے کہ پولیس ان تمام networks جو جانتی ہے۔ ظاہری سی بات ہے اغوا ایک جرم ہے اور جب ایک بچہ کسی جگہ سے اغوا ہوتا ہے، ایک انسان کا بچہ تو اس سے بڑا crime ہو ہی نہیں سکتا۔ ایک انسان ہی غائب ہو گیا تو اس کا پتا چلتا ہے کہ اس کون اغوا کر کے لے گیا اور کہاں لے گی۔ وہ والدین جو خود بھیک منگوا رہے ہیں تو ان کا بھی پتاچلتا ہے کہ کون بھیک منگوا رہے ہیں۔ ایک بچہ گھر سے فرار ہو گیا، بچہ جہاں سے فرار ہوا، رپورٹ درج ہوئی، سب کچھ ہوا لیکن

کارروائی عمل میں نہیں لائی جاتی۔ اس حوالے سے کوئی ایسی Force بنانے کی ضرورت ہے جو فعال ہو۔ اس کے علاوہ NGO's اور مدارس کو بھی promote کرنے کی ضرورت ہے۔ آپ دیکھیں کہ آج لاکھوں کی تعداد مدارس میں زیر تعلیم ہے۔ آج اپنے تعلیم اداروں کا حال دیکھیں کہ وہ ادارے جو trust کے نام پر بھی کہلاتے ہیں، کراچی میں تو ہم نے trust کے نام پر بھی ایسے ادارے دیکھیں ہیں جہاں پر انگریزی تعلیم بھی رائج ہے اور ان کی فیس بھی ہزاروں میں جا پہنچی ہے۔ پہلے آرمی سکولز وغیرہ کی فیسیں کم ہوتی تھیں لیکن اب ان کی فیس بھی ہزار تک پہنچ گئی ہے یعنی اب middle class کا بندہ بھی ان فیسوں کو برداشت نہیں کر سکتا۔ اس کے بر عکس اگر ایک network ایسا ہے کہ اس پر لوگوں کا اعتبار ہے اور مدارس کے پاس بے تحاشہ فنڈ ہے تو صرف فنڈ اور ان چیزوں پر بات کرنے کے علاوہ ہمیں یہ دیکھنا چاہیے کہ یہ وہ مدارس ہیں جنھوں نے بے شک دینی تعلیم دی لیکن لاکھوں طلبا اس سے مستفید ہوئے اور وہ وہاں رہے اور ان کا کوئی ٹی اے، ڈے اے یا فیسیں ان سے نہیں لی جاتیں اور وہ ایک اچھے شہری بھی بنے۔ وہ الگ بات ہے کہ ہم نے انگریزوں کا نظام adopt کر لیا ہے کہ پڑھو فارسی بیچو تیل۔ ہم چاہتے بھی یہی ہیں کہ وہ تیل بیچیں تو وہ تیل بیچ رہے ہیں یا سائیکلوں پر گھر گھر جا کر قرآن مجید پڑھا رہے ہیں۔

میں آخر میں تمام parliamentarians کی توجہ اس طرف دلانا چاہوں گا کہ سندھ میں تو یہ چیز ہے لیکن عموماً نظر سے نہیں گزرتا اور باقی ملک میں بھی یہ شاید ہو گا کہ میٹرک یا انٹر کا جو فارم ہم بھرتے ہیں اس میں ایک حلف نامہ ہوتا ہے کہ میں یہ مکمل کرنے سے پہلے ایک شخص یا بچے کو خواندہ بناؤں گا۔ اگر ہم سارے parliamentarians دو دو بچے خواندہ بنا لیں تو میرے خیال میں یہ مسئلہ اس سے بھی کافی حد تک حل ہو جائے گا۔

میڈم سپیکر: جناب نمیر فاروق صاحب۔

جناب نمیر فاروق: شکریہ میڈم سپیکر۔ اس مسئلے میں child labour کے حوالے سے دو باتیں کرنا چاہوں گا۔ ایک محترم ممبر نے کہا کہ ہمارے گھروں میں بھی بچے کام کرتے ہیں، اگر ہم انہیں پڑھا ہی دیں تو یہ مسئلہ کافی حد تک حل ہو جائے گا۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ دونوں contradictory statements ہیں۔ ہم child labour کی بات کر رہے ہیں، پہلے اس چیز کو accept کریں کہ ہمارے گھروں میں بچے کام کرتے ہیں۔ ہمیں اس چیز کو ہی ختم کر دینا چاہیے کہ ہمارے گھروں میں بچے کام ہی نہ کریں۔ اپنے گھر سے start لیں جو بچے کام کر رہے ہیں ان کو واپس ان کے ماں باپ کے پاس بھیجیں اور ان کو convince کریں کہ ان کو

پڑھائیں اور ان کو پڑھانے کا خرچہ دیں۔ دوسرا شہزاد بھائی نے بچوں کو پڑھانے ایک model پیش کیا تھا۔ ان بچوں کا مسئلہ سب سے زیادہ ہے جو کماتے ہیں ان کے ماں باپ انہیں force کرتے ہیں کہ باہر سے کما کے لے آؤ۔ شہزاد صاحب نے جو zindigi schools بنائے تھے جس کے ساتھ گورنمنٹ نے بھی collaborate کیا تھا، گورنمنٹ کے schools بھی ایک trust نے take over کیے تھے اور انہوں نے ہر ایک بچے کو دو تین سو روپے جتنے وہ کماتا تھا وہ ملتے تھے۔ اسی طرح جب گورنمنٹ بہت ساری چیزوں پر subsidy دے رہی ہے تو ایسے منصوبے بھی شروع کرنے چاہییں کہ وہ street children کو لے جائیں اور انہیں پڑھایا جائے اور ان کو کچھ رقم دی جائے تاکہ ان کے والدین کو بھی اس سے فائدہ ہو جائے۔

Madam Speaker: Now I put this resolution to the House for voting.

معزز ممبر: میڈم ایک clarification کرنی تھی۔ ایک معزز ممبر نے کہا تھا کہ National Human Rights Commission of Pakistan ہے اس کو بھی budget allocate ہوا ہے وہ اس کا notice لے سکتا ہے۔ اس کی مزید clarification یہ ہے کہ وہ صرف میڈیا کی نیوز کا نوٹس لے سکتا ہے مگر کوئی individual رپورٹ جمع کرانا چاہتا ہے تو وہ نہیں ہو سکتاتو اس کے لیے ہمیں session court یا ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ کے پاس جانا پڑے گا۔ دوسری clarification یہ ہے کہ سندھ کی جو production اتھارٹی ہے وہ صرف ابھی بنی ہے، وہ کاغذات پر مبنی ہے اس میں نوٹس لینے کے لیے کوئی بھی clause موجود نہیں ہے۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر۔ جی اپوزیشن لیڈر ۔

جناب فہد مظہر علی: میڈم سپیکر! اکنامکس میں ایک term ہے a vicious circle of poverty. میڈم! Child labour کا جو سب سے بڑا المیہ ہے وہ اس بات کی نوید ہے کہ ایک بچہ جو آج چھوٹی عمرمیں چند پیسے لے کر خود اپنے لیے یا اپنے گھر والوں کے لیے لے جا رہا ہے، اس کے future کے لیے یہ ہے کہ وہ اسی condition میں رہے گا اور اس کے career میں کوئی progression نہیں آئے گی بلکہ اس کا تو career ہی نہیں ہے اور اس کے ذریعے آنے والی نسلیں اسی غربت کی چکی میں پستی رہے گی اور یوں ان کی زندگیاں گزر جائیں گی۔ ان کی زندگی کے اندر کوئی hope نہیں ہے اور جو ہم fundamental rights کی بات کرتے ہیں اس کی قسم کی سوچ ان کے اندر آنا unthinkable ہے۔

میڈم! دوسری بات یہ ہے کہ یہ نہ صرف underpaid ہوتے ہیں بلکہ ان کی جو working-hour conditions ہوتی ہیں اس کے اندر بھی ان کی harassment کی جاتی ہے اور ان

سے overtime لیا جاتا ہے اور ان کو بہت nominal rate دیئے جاتے ہیں۔ ہم تو صرف اس میں propose کر سکتے ہیں کہ آپ اس لعنت کو control میں لائیں۔ اس میں یہ ہے کہ جو runaway children ہیں ان کے لیے لاہور میں داتا صاحب کے سامنے انہوں نے ایک سیل پنجاب پولیس نے قائم کیا ہوا ہےکہ جو بچے shopping bags لے کر گھوم رہے ہوتے ہیں ان کی نشاندہی ہو جاتی ہے کہ وہ گھر سے بھاگے ہوئے ہوتے ہیں، فوری طور پر انہیں پکڑ کر اور بنیادی اور ضروری investigation کرنے کے بعد ان کو اپنے مقامی جگہوں پر بھیج دیا جاتا ہے۔ اس طرح کے سیل پورے پاکستان میں establish کرنے چاہییں۔ ابھی حال ہی میں پاکستان کے اندر ہم دیکھتے ہیں کہ جہاں پر sectarian violence ہے یا ongoing war on terror ہے جیسے ہمارے فاٹا اور بلوچستان میں ہےوہاں سے جو بچے orphan ہو جاتے ہیں جن کے آبائی گھر ختم ہو گئے ان کو بے یار و مددگار اور لاوارث چھوڑ دیا گیا ہے ان جیسے بچوں کے لیے حکومت کو کچھ کرنا چاہیے۔ آج اسحاق ڈار صاحب نے بھی بات کی کہ اگر آپ نے policy making کرنی ہے اور solution کی طرف جانا ہے تو وہ پہلے targeted ہونے چاہییں۔ لہذا ان بچوں کی rehabilitation کے لیے orphan homes بنائے جا سکتے ہیں اور اس کے لیے پورے پاکستان میں ہماری civil society and general citizens حکومت کے اس initiative کے ساتھ collaborate کر سکتے ہیں اور اس کے شانہ بشانہ کھڑے ہو سکتے ہیں۔ میری یہ تجویز تھی، شکریہ۔

میڈم سپیکر: شکریہ۔ جی پرائم منسٹر صاحب۔

جناب محمد ہاشم عظیم: شکریہ سپیکر صاحبہ۔ میں سب سے پہلے Human Rights Commission of Pakistan کی report کا حوالہ دینا چاہوں گا۔ اس کی جو recent statistics ہیں اس کے مطابق infant mortality rate پاکستان میں it is 63.3 deaths per thousand birth. اب relatively اگر ہم اس کو یورپ کے infant mortality rates کے ساتھ compare کریں تو it is very low and even it is negligible ایک اور دوسری رپورٹ جو Human Rights Commission of Pakistan کی ہے I would like to quote that “a thousand children languish every year in juvenile prisons”. مطلب ہے juvenile prisons میں بچے perish and languish ہو جاتے ہیں اور یہ rate دن بدن بڑھتا جا رہا ہے تو اس platform سے جو provincial governments ہیں ان کو approach کریں because after the provincial autonomy health facilities has been transferred to the provincial governments, so health facilities کی ضرورت ہے تاکہ جو قوم

کا سرمایا ہے، جنہوں نے کل کی قوم کا معمار بننا ہے ، اس ملک کا architect بننا ہے، اس کو design کرنا ہے ان کو ہم محفوظ کر سکیں اور ان کی abilities کو آگے channalize کر سکیں۔ اس کے لیے میں صرف ایک ماڈل پیش کرنا چاہوں گاجس طرح کہ میرے ایک بھائی نے اخوت کے modelکی micro-financing پربات کی تھی تو I told you that I met Dr. Amjad sahib, he is philanthropist اور ان کی بہت ساری ایسی activities ہیں۔ He is a retired person and he was CSP officer اور انہوں نے retirement لے کر philanthropic activity humanitarian basis پر شروع کی۔ ان کا جو ماڈل ہے جیسے Opposition Leader sahib نے بھی بات کی کہ civil society کو بھی اس میں بڑا engage ہونا پڑے گا۔ میڈم سپیکر! ان کے ماڈل میں یہ ہے کہ جو street children ہیں جو drug addict ہو چکے ہیں جو گھروں سے بھاگ گئے ہیں جن کا تعلیم سے اب کوئی تعلق نہیں وہ اس طرح کے students اس طرح کے لوگ، اس طرح کی youth اکٹھی کرتے ہیں، ان کے fountain houses ہیں۔ I have an experience of Fountain House اس میں وہ ان بڑی extra curriculum activity کرواتے ہیں۔ مطلب drawing کروا رہے ہوتے ہیں، painting کروا رہے ہوتے ہیں، ان کو properly rehabilitate کرنے کے لیے اور rehabilitation centre کا proper جو ایک ماڈل ہونا چاہیے وہ اس کو experience کرواتے ہیں تاکہ ان کی abilities کو channalize کر سکیں اور ان کو ایک proper direction میں لایا جا سکے تو گورنمنٹ کو یہ propose کریں گے کہ اس طرح کی جو اچھی successful organizations کام کر رہی ہیں ان کے ماڈل کو replicate کیا جائے۔ شکریہ۔

Madam Speaker: Now I put the resolution to the House for voting.

(The motion was adopted)

Madam Speaker: Consequently the resolution is adopted. Lets move back to Item No.5 of the agenda. Mr. Muhammad Haseeb Ahsan and Mr. Hunain Qazi would like to move the resolution. I would ask Mr. Muhammad Haseeb Ahsan kindly read out the legislation for us.

Mr. Muhammad Haseeb Ahsan: Madam Speaker, I beg to move that this House is of the opinion that prisoners are human beings and they have fundamental rights as well. The condition of the prisons around the country need attention of authorities concerned and within prisons it is a State duty to make prisoners skillful because it will help them to earn livelihood and will refrain then from further crime upon their release from prisons.

محترمہ سپیکر! قیدی معاشرے کا حصہ ہیں اور میرے خیال کے مطابق ان میں سے ہر کوئی شخص خوشی سے جرم نہیں کرتا۔ غربت اور بے روزگاری نے ہی عوام کو مایوس اور بیزار کر دیا ہے کہ وہ انتہائی قدم اٹھائیں لیکن ان قیدیوں سے جیلوں میں بھی بہت برا سلوک کیا جاتا ہے۔ ایک سائیکل چور اور ایک قتل کے مجرم کو ایک ہی بیرک ہی میں رکھا جاتا ہے جس سے یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ چھوٹا مجرم اگلی دفعہ کھلے دل سے بڑے جرائم کرتا ہے اور باہر نکل کر مختلف جرائم پیشہ گروپس کا ممبر بن جاتا ہےکیونکہ اس کی back support اس قاتل مجرم کی حاصل ہوتی ہے اس وجہ سے وہ کھلے دل سے جرم کرتا ہے۔ جیلر جیل کا بادشاہ ہوتا ہے اور جیل میں رشوت بالکل سرعام لی جاتی ہے اور گھر والوں کو قیدی سے ملوانے کے لیے ان سے پیسے وصول کیے جاتے ہیں اور رشوت لی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ وہاں پر کھانے کی یہ صورتحال ہے کہ جانوروں سے بدتر کھانا ان کو دیا جاتا ہے اور کھانے کی بالکل ناقص condition ہے - جیلوں میں بیرکوں کے ساتھ ہی bath rooms بنائے گئے ہیں جس کی وجہ سے بہت سی بیماریاں پھیل گئی ہیں اور بہت سے قیدی مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ اس کے علاوہ قیدیوں کی بروقت پیشگیوں کو ممکن بنایا جائے۔ جج کئی کئی مہینے رخصت پر رہتے ہیں یا وکلاء حضرات strike کر دیتے ہیں، کورٹس بند کروا دیے جاتے ہیں جس کی وجہ سے قیدیوں اور ان کے گھر والوں کو بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق صوبہ سندھ میں قیدیوں کی صحت کے لیے 2.75 million سالانہ بجٹ مختص کیا گیا ہے ، جس کا اگر جائزہ لیا جائے تو 53 paisa ایک قیدی کی صحت کے روزانہ کا مختص کیا گیا ہے۔ اگر کھانے کی صورتحال دیکھی جائے تو 5.22 million مختص کیے گئے ہیں جس میں سے .Rs 35 ایک قیدی کے تین وقت کے کھانے کے لیےمختص ہوتے ہیں اور اس میں سے 12 روپے ایک قیدی کے ایک وقت کے کھانے پر آتے ہیں، اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ کس قدر جانور سے بدتر کھان انہیں دیا جا رہا ہے۔ اس میں بہتری لائی جائے۔ اس کے علاوہ پنجاب کی جیلوں میں ایک لاکھ سے زیادہ افراد ٹی بی سمیت مختلف بیماریوں میں مبتلا ہیں جب کہ کراچی کی جیلوں میں 3700 قیدی ذہنی بیماریوں میں مبتلا ہیں۔ اس کے علاوہ چار سو پچاس سے زائد بھارتی ماہی گیر قیدی صرف کراچی میں ملیر جیل میں قید ہیں اور یہی حال بھارت میں ہے کہ پاکستانی ماہی گیر قیدی اور دوسرے ہماری قیدی بھارت کی جیپور ، نئی دہلی اور دیگر جیلوں میں قیدی ہیں۔ کئی ایسے قیدی بھی ہیں جن کا پتا ہی نہیں کہ وہ زندہ ہیں یا مر گئے ہیں۔ یہ لوگ جیلوں میں جانور سے

بدتر زندگی گزار رہے ہیں۔ ملک بھر میں وزیر جیل خانہ جات جیلوں کی حفاظت اور اس کی بہتری کے لیے مناسب اقدامات کریں جیسے کہ گزشتہ دنوں بنوں کا واقعہ ہوا کہ پوری جیل پر حملہ کیا اور قیدیوں کو آزاد کروا کے لیے گئے۔ ہم امن پسند ہیں، ہماری فوج بھی امن پسند ہے۔ انہوں نے ہاتھ میں گلدستے اٹھائے ہوئے تھے، پھول پکڑے ہوئے تھے اس وجہ سے انہیں کارروائی کرنے میں تاخیر ہو گئی۔ میڈم سپیکر! ان تمام issues کو حل کیا جائے۔ یہ قیدی بھی معاشرے کا حصہ ہیں۔ ان کے حقوق کا خیال رکھا جائے۔ ان قیدیوں کو جیل میں skills دیے جائیں، ان کو education مہیا کی جائے۔ ان کو کمپیوٹر کورسز کروائے جائیں، vocational and technical courses کروائے جائیں تاکہ یہ لوگ بھی باہر کر عام شہری کی طرح زندگی گزاریں، ایک روزگار تلاش کریں، ان کو روزگار مہیا کیے جائیں تاکہ باہر نکل کر یہ سب روزگار حاصل کر کے ملکی معشیت میں اپنا حصہ ڈالیں۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: جناب حنین قادری صاحب۔

جناب حنین قادری: شکریہ سپیکر صاحبہ۔ میں ایک ہی چیز پر emphasize کروں گا ان کو technical education اور اس کے ساتھ ساتھ ان کو psychological training بھی دینی چاہیے کیونکہ کچھ لوگ psychologically یہ نہیں سمجھتے کہ وہ جو کررہے وہ غلط ہے۔ اس لیے ان کو psychological training دینی چاہیےکہ جو وہ کر رہے ہیں وہ غلط ہے اور technical education بھی دینی چاہیےlike computer and others تاکہ جب وہ باہر نکلیں تو اپنے روزگار کے لیے کچھ کر سکیں۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: محترمہ رابعہ شمیم صاحبہ۔

محترمہ رابعہ شمیم: سب سے پہلے بات یہ ہے کہ جو ہمارے ملک میں جو crimes ہوتے ہیں وہ education نہ ہونے کی وجہ سے ہوتے ہیں اور ایجوکیشن نہ ہونے کی وجہ سے unemployment ہوتی ہے اور اس کی وجہ سے crimes جنم لیتے ہیں۔ ہمیں سب سے پہلے اپنی jails میں reform لانا ہوگا۔ ہمارے جیلوں میں کام کرنے والے جو policemen ہیں وہ بھی پڑھے لکھے نہیں ہیں جس کی وجہ سے وہ رشوت لیتے ہیں اور اس کا سب سے بڑا negative impact پڑتا ہے اور یہی وجہ کہ ہماری جیلوں میں جو قیدی ہیں ان کی اصلاح نہیں ہو رہی ہے۔ میڈم! یہ بڑی حیرانی کی بات ہے کہ جیل میں جو پانچ بندوں کا کمرہ ہے اس میں بیس بیس قیدی ڈال دیے جاتے ہیں جس سے sexually transmitted diseases کا بہت خدشہ ہوتا ہے۔ یہ medical

facilities کے لائق ہیں اور smoking, drugs and cell phones کا ناجائز استعمال ہوتا ہے اس کے لیے ہمیں laws بنانے چاہییں۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: جناب علی رضا صاحب۔

جناب علی رضا: شکریہ میڈم سپیکر۔ میں سب سے پہلے تو اپوزیشن کو بہت مبارکباد دینا چاہتا ہوں کہ انہوں نے ایک burning issue پر بات کرنے کی جسارت کی ہے اور کوشش کی ہے ورنہ تو ہم سب اچھا کی رٹ لگائے رکھتے ہیں۔ شکر ہے ان کو بھی کسی چیز کا احساس ہوا۔ قیدیوں کے بارے میں جو مسائل ہیں میں being a doctor اس ایوان کو بتانا چاہ رہا تھا کہ آپ کے پاس area space کافی کم ہے جس میں اتنے زیادہ لوگوں کو گھسیڑ دیا جاتا ہے۔ مجھ سے پہلے حسیب احسن صاحب نے بہت زیادہ اس پر تفصیل سے بات کی ہے اس لیے میں ایوان کا زیادہ وقت نہیں لوں گا، انہوں نے جو ٹی بی کے متعلق ذکر کیا ہے یا sexually transmitted disease کی انہوں نے بات کی ہےاس کے متعلق ہماری جیلوں میں بہت زیادہ cases report ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ اسلام میں ایک اصول ہے کہ آپ لوگ اپنے قیدیوں کو آزاد کرایا کریں۔ میڈم سپیکر! ایک بچہ ہے یا adolescent ہے جو کسی چھوٹے جرم میں جیل چلا جاتا ہے اور اس پر fine impose ہو جاتا ہے.lets say 6000/- or 7000/- Rs چونکہ وہ ایک poor background سے آیا ہے۔ اس کا خاندان اتنا afford نہیں کر سکتاجو سزا اس کو ایک ہفتے کی ملنی چاہیے، fine کے بعد جو ختم ہو جائے گی، وہ فائن ادا نہ کرنے کی صورت میں انہیں پانچ سے سات مہینے جیل میں گزارنے پڑتے ہیں جس کی وجہ سے وہ بچہ جس کی rehabilitation ہو سکتی ہے، psychological training ہو سکتی ہے، ایجوکیشن ہو سکتی ہے۔ ایک چوری کے الزام میں آیا ہوا لڑکا ایک قاتل بن کر اپ کی سوسائٹی میں دوبارہ آ جاتا ہےاس چیز کے اوپر ہمارے philanthropists کو اور State کو اپنی ذمہ داری پوری کرنی چاہیے، ان کو legal advise provide کرنی چاہیے، ان کو اتنا موقع دینا چاہیے کہ وہ اپنے مقدمے کا دفاع کر سکیں، at lease fine نہ دینے کی صورت میں ان کو اتنا عرصہ جیل میں نہیں رہنا چاہیے۔ یہ ان کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے technical education کی بات کی ہے۔ یقیناً technical education بہت important ہے ۔ میں ابھی اس میں محمد عامر کو quote کرنا چاہوں گاجن کو انہوں نے چھ مہینے جیل میں رکھا لیکن انہوں نے ان سے gain کیا۔ انہوں نے اپنے قیدیوں کو ان سے trained کروایا، bowling کی practice انہوں نے ان سے کروائی ہو گی۔ اسی طرح technical education i.e., carpet weaving ہے یا دوسری جو ان کی technical

skills ہیں ان کی technical education حاصل کرنی چاہیے، ان کو صرف مسلمان نہیں بنانا چاہیے اور education بھی کرنی چاہیے۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: جی محترمہ انعم زاہد صاحبہ۔ پھر یاسر ریاض صاحب۔

جناب یاسر ریاض: میڈم سپیکر! ایک مرتبہ مجھے research project کے نتیجے میں کچھ قیدیوں سے interview کرنے کا موقع ملا ۔ اس interview کے دوران مجھے احساس ہو ا کہ جیل کی دنیا ہماری دنیا سے کوئی الگ دنیا ہے، ان کی اصطلاحات ہیں، ان کا اپنا ماحول ہے، ان کا اپنا ماحول ہے، ان کا اپنا لین دین کا طریقہ ہے۔ وہاں کرنسی نوٹ کی بجائے ایک اور پرچی چلتی ہے جس کے اوپر اکثر لین دین ہوتی ہے اور services and goods اس پر چلتی ہیں۔ اس پرچی حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ ان کے گھروالے جیلر کو کچھ خاص amount دیتے ہیں اور اس کے بدلے میں وہ کچھ پرچیاں جاری کرتا جاتاہے۔ اس سارے research project کے نتیجے میں جو چیز میں سمجھ سکا اس کو اگر میں ایک جملے میں بیان کروں تو وہ یہ ہے کہ جیلیں جرائم کی نرسریاں ہیں۔ جرائم کی training جتنی جیلوں میں دی جاتی ہے اتنی شاید کہیں نہیں دی جاتی ہو۔ بہت چھوٹے چھوٹے جرائم میں جانے والے لوگ وہاں سے بہت بڑے مجرم بن کر نکلتے ہیں لیکن اس میں ایک اہم پہلو یہ ہے کہ ان جیلوں میں اس وقت بھی بہت بڑی تعداد میں بے گناہ افراد موجود ہیں۔ ایسے افراد جنہوں نے جرم نہیں کیا ہوتااور کسی نے دشمنی کی بنیاد پر ان کا نام کسی FIR میں ڈال دیا، اب وہ غریب ہیں، کیس کو pursue نہیں کر سکتے، وہ دو دو سال، تین تین سال اور چار چار سال جیل میں گزارتے ہیں اور آخر میں عدالت یہ کہتی ہے کہ آپ اس جرم میں مجرم نہیں تھے، آپ کے خلاف کوئی ثبوت نہیں ہے اس لیے آپ کو باعزت بری کیا جاتا ہے۔ اس عزت کا کیا کرنا ہے کہ جس کے نتیجے میں وہ چار سال جیل میں گزار کر ایک مجرم بن کر نکلا ہے۔ ہمیں ان چیزوں کو ذہن میں رکھتے ہوئے انصاف کے نظام کو بھی دیکھنا پڑے گاکہ ایک بے گناہ فرد اپنی زندگی کا ایک دن بھی بلا وجہ جیل میں نہ گزارے۔ جیل میں تشدد بہت عام ہےاور چھوٹی چھوٹی باتر پر jailors ان کو تشدد کا نشانہ بناتے ہیں اور وہ کچھ نہیں کر پاتے۔ ہم اکثر ایسے کیس دیکھتے ہیں کہ ایک قیدی نے جب بارہاشکایت کا موقعہ نہ ملا تو اس نے اپنی زبان کاٹ لی۔ اس طرح کے اور بہت سارے cases ہیں جن کی مثالیں مل جاتی ہیں۔ ہمیں جیلوں کے اوپر بھرپور توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ میرے خیال میں صرف جیلوں کی حالت بہتر کرنے سے ہم اپنے جرائم کی شرح ہے اس پر بہت حد تک قابو پا سکتے ہیں

میڈم سپیکر: شکریہ۔ جناب محمد عتیق صاحب۔

جناب محمد عتیق: شکریہ میڈم سپیکر۔ اس پر میری تین سے چار recommendations ہیں prisoners ہیں ۔ پہلی بات ہماری population ہے۔ صرف ہماری یہاں پر جو اڈیالا جیل میں تقریباً1919 قیدیوں کی جگہ ہےلیکن اس میں 4,598 جو قیدی وہاں پر ہیں۔ ہماری آبادی کے ساتھ سب سے بڑی زیادتی ہے کہ کمرے میں اگر ایک یا دو لوگوں کی ضرورت ہے تو وہاں پر چھ لوگ ہوتے ہیں۔ اس میں تجویز یہ ہے کہ population کو control کیا جائے اور جیلیں بنائی جائیں۔

اسی طرح جو Women کے police Stationsہیں ان کی تعداد میں اضافہ کی ضرورت ہے اور ان کی women's jails کا بھی علیحدہ سسٹم اور اس میں اضافے کی ضرورت ہے۔ اس کے اندر جو crime mafia کام کر رہا ہوتا ہے جس طرح میرے دوست نے اس کے اوپر نظرثانی کی ہے۔ Crime mafia جیل کے اندر بیٹھ کر باہر کے mafia کو control کرتا ہے تو اس پر check and balance بہت ضروری ہے۔ اس کے علاوہ جو torture cell ہے اس کا ابھی تک کوئی قانون نہیں بن سکاجس پر ہم کوئی check and balance کر سکیں۔ اب ایک موٹر سائیکل یا سائیکل کی چوری کرنے والے کے torture کرنے کا وہی طریقے کار ہے جو ایک بڑے crime میں ملوث کا ہے۔ ان دونوں قسم کے crimes کے متعلق legislation کرنے کی بہت ضرورت ہے تاکہ جو لوگ suffer کر رہے ہیں، جو ذہنی بیمار بن جاتے ہیں یا معذور ہو جاتے ہیں ان کو ہم safe کر سکیں۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: جناب نمیر نجم صاحب۔

جناب نمیر نجم : میں اس بارے میں صرف یہ کہنا چاہوں گا کہ جیلوں میں جو خواتین آتی ہیں ان کے ساتھ ان کے بچوں کو بھی جیلوں میں رکھا جاتا ہے۔ اس کی وجہ سے ایک فرد کے ساتھ چھوٹے چھوٹے بچوں کو بھی جرائم کے کاموں میں ملوث کر لیا جاتا ہے جس سے ان کے minds پر ایک غلط impact پڑتا ہے جس سے ہمارے future کا بہت بڑا نقصان ہو رہا ہے۔ اس کے علاوہ ایک اور چیز میں کہنا چاہوں گا کہ prisoners کو اپنے lawyers کے ساتھ ملنے کی زیادہ سے زیادہ facility دی جائے اور ان کے جو مقدمات ہیں وہ courts میں اتنی دیر تک pending ہوتے ہیں کہ ایک شخص پچاس سال تک صرف اسی وجہ سے جیل میں ہوتا ہے کہ اس کا مقدمہ چل رہا ہوتا ہے تو courts کے اندر as soon as possible مقدمات کو ختم کیا جائے بلکہ اس کی ایک time limit ہونی چاہیے کہ اس time limit کے اندر کسی بھی

مقدمے کو ختم کرنا چاہیے۔ ایک اور چیز یہاں کہنا چاہوں گا کہ پاکستان اور انڈیا دونوں کے prisoners جو ایک دوسرے کی جیلوں میں ہیں وہاں پر ان کے ساتھ انسان سوز سلوک کیا جاتا ہے تو اس کے لیے ہماری حکومت کو high level کے اوپر steps لینے چاہییں کیوں کہ ان میں majority ایسے لوگوں کی ہوتی ہے جن کے پاس کوئی awareness نہیں ہوتی اور ان کے پاس کوئی ایسی gadgets نہیں ہوتی جس سے وہ یہ پتا لگا سکیں کہ وہ اس وقت پاکستان کی حدود میں ہیں یا انڈیا کی حدود میں ہیں۔ مہربانی کر کے اس طرف بھی توجہ دی جائے۔

میڈم سپیکر: شکریہ۔ جی حماد ملک صاحب۔

جناب محمد حماد ملک: جناب سپیکر! میں بھی اسی کے بارے میں کچھ points دینا چاہتا تھا، میرے عزیز ممبرنے کافی حد تک انہیں cover کر دیا ہے۔ جیلوں کی صورتحال سے تو ہم لوگ ویسے بھی واقف ہیں ، وہاں پر rehabilitation کے لیےکوشش کی جاتی ہیں۔ پچھلے سال جب میں مانسہرہ جیل میں ایک دوست کو ملنے گیاتو اس نے مجھے بتایا کہ ہمیں یہاں پر کڑھائی سکھائی جاتی ہے۔ اب ایک جوان مرد کو کڑھائی سکھائیں گے تو اس نے باہر نکل کر کڑھائی کا کام تو کرنا نہیں ہے۔

میڈم سپیکر: مرد حضرات markets میں کڑھائی کا کام کرتے ہیں۔

جناب فہد مظہر علی: میم وہ شاید سارے مجرم نہیں ہوتے۔

جناب محمد حماد ملک: آپ جب ایسے environment سے باہر آتے ہیں جہاں پر مختلف ego کے لوگ ہوتے ہیں تو ان کےباہر نکل کر ایسا کام کرنا بہت مشکل ہو جاتا ہے۔ میں نے اس کے لیے جو points لیے ہیں وہ technical education پر توجہ دینے کی ضرورت ہے ۔ اس طرح کے technical institute جیلوں کے اندربنا لینے چاہییں جہاں پر education must ہو اور ہر prisoner کے لازمی ہو کہ وہ education حاصل کرے۔ دوسری بات یہ ہے کہ ان کے لیے jobs بھی create کیے جائیں، یہ نہیں ہے کہ بس جیل سے باہر نکالو اور پھر باہر پھینک دو۔ ایک بندہ زندگی کا کچھ وقت تین سال یا اس سے زیادہ جیل میں گزار کر باہر آتا ہے تو باہر اس کے لیے دنیا بالکل نئی ہوتی ہے۔ وہاں پر اس کو نہ jobs available ہوتی ہیں، نہ کچھ اور ، اس وقت ہمارے ملک کی صورتحال بھی ایسی ہے کہ اچھا خاصہ، پڑھا لکھا graduate even post graduate بندہ بھی بے روزگار پھرتا ہے۔ ان کے لیے جو technical education provide کی جائے اسی حساب سے حکومت باقاعدہ jobs offer کرے۔ تیسری بات یہ ہے ان کے لیے rehabilitation centres قائم کیے جائیں جہاں پر ان کی mantle treatment ہو، ہماری آرمی اس

پر کام کر رہی ہے، آرمی طالبان کے بندے پکڑتی ہے، ان کو rehabs میں رکھتی ہے، ان کے ذہن change کرتی ہے توکیوں نہ ہم سارے prisoners کو اس طرح کے rehabilitation centres میں رکھیں اور ان کی mental treatment کی جا سکے تاکہ وہ prisoners نہ بنیں۔

میری چوتھی بات یہ ہے کہ separate barracks رکھی جائیںfor different crimes لیکن یہاں پر ایک دکان سے بوتل چرانے والا اور ایک قاتل ایک ساتھ رکھ دیے جاتے ہیں، جب وہ جیل سے باہر نکلتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ میں نے تو کچھ کیا ہی نہیں تھا اور اندر چلا گیا، اب تو میں بہت کچھ سیکھ کر آیا ہوں۔ جناب والا! میری یہ تجویز ہے کہ اس ضمن میں separates barracks رکھی جائیں۔ اس کے علاوہ ہمیں اپنے قانون میں کچھ amendments کرنی ہوں گی۔ ہماری سرکاری نوکری پر جو بندہ زندگی میں ایک دفعہ بھی جیل جا چکا ہو اس کو نہیں رکھا جاتا۔ کیا اس کا مطلب ہے کہ اس بندے کو اپنے معاشرے سے نکال دینا ہے۔ اگر ایک بندہ حادثاتی طور پر یا اس سے غلطی سے کوئی wrong activity ہو گئی ہے پھر معاشرہ اس کو قبول نہ کرے یہ بات صحیح نہیں ہے۔ دیکھیں اس سے غلطی ہوئی اور وہ جیل چلا گیا، وہ اپنی سزا کاٹ کر واپس آیا ہے۔ اس سزا کا مطلب یہ ہے کہ اس نے اپنے کیے کی سزا بھگت لی ہے، اب دیکھا یہ گیا ہے کہ اس کو واپس سرکاری کام پر کام کرنے کی اجازت نہیں ہوتی۔ میری تجویز ہے کہ اس قدغن کو ختم کیا جائے۔ Madam same is the case with foreign immigration. آپ کی پولیس اس بندے کو NOC نہیں دیتی جو ایک دفعہ جیل گزار چکا ہو کہ وہ کسی کام کے سلسلے میں باہر کسی ملک میں جا سکے۔ وہ علیحدہ بات ہے کہ اللہ پاکستان کے رشوت سسٹم کا بھلا کرے کہ عوام اس کے ذریعے باہر ملک چلی جاتی ہے لیکن میری تجویز ہے اس کے لیے proper laws ہونے چاہییں۔

میری آخری بات in-house crimes کو control کرنے کے بارے میں ہے۔ امریکہ میں ایسے ہوتا ہے کہ ساری جیل میں video surveillance ہوتی ہے۔ اس سے یہ ہوتا ہے کہ اگر کوئی crime ہوا ہے تو آپ کو پتا لگ سکتا ہےکہ اس بندے نے crime کیا ہے اور ہم اس کو control کر سکتے ہیں۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: شکریہ۔ محترمہ ایلین آروز علی صاحبہ۔

محترمہ ایلین آروز علی: شکریہ میڈم سپیکر۔ کچھ وقت پہلے میں اپنے سابق وزیر اعظم کی صاحبزادی سے ملی تھی۔ وہ خواتین کے بنیادی حقوق کے شعبہ پر کام کرتی ہیں۔ انہوں نے بین الاقوامی پلیٹ فارم پر بھی ہماری خواتین کے مسائل کو پیش کیا ہے۔ جب میری ان سے

بات ہو رہی تھی تو انہوں نے مجھے دو چیزوں کے متعلق خاص طور پر بتایا تھا کہ ہماری پاکستان کی prisoners کے کیا مسائل ہیں۔ Madam, I am focusing on the problems of women. پہلی بات یہ ہے کہ وہاں پر جو بچے ہوتے ہیں انہیں بنیادی چیزوں کا پتا نہیں ہوتا اور جب میں نے ان سے یہ پوچھا کہ یہ بنیادی چیزیں کیا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہیں تو یہ بھی پتا نہیں ہوتا کہ cats and dogs کیا ہوتے ہیں جوکہ ہماری باہر کی دنیا میں سب کو پتا ہوتا ہے۔ ان بچوں کو خاص طور پر ان چیزوں کے متعلق education ہونی چاہیے۔ انہیں دنیا کی چھوٹی چیزوں سے awareness ہونی چاہیے۔ ان کو اس لیے ان چیزوں کا پتا نہیں ہوتا کیوں کہ وہ جیل میں ہوتے ہیں اور وہیں پر بڑے ہوتے ہیں۔

انہوں نے مجھے دوسری چیز یہ بتائی کہ وہاں پر جو خواتین ہیں انہیں جیل کے اندر بھی safety and security نہیں ملتی، انہیں جیل کے اندر exploit کیا جاتا ہے اوراس کے بارے میں کوئی action نہیں لیا جاتا۔ وہ خواتین وہاں پر regret کررہی ہوتی ہیں کیوں کہ ان کے پاس ایسے وسائل نہیں ہوتے کہ وہ اپنی بات حکومت یا متعلقہ شخص تک پہنچا سکیں۔ وہاں پر prisoners exploit ہوتے رہتے ہیں۔ ہماری معزز خواتین پارلیمنٹیرین کو خصوصی طور پر اس طرف توجہ دینی چاہیے۔شکریہ۔

میڈم سپیکر: محترمہ انعم زاہد۔

محترمہ انعم زاہد: مجھے کسی colleague نے correct کیا تھا۔ اس لیے میں نے خیال کیا کہ غلط انفارمیشن شیئر کرنے سے بہتر ہے کہ میں recheck کرلوں تو I was not on my Chair, for that I am sorry. Anyway my friends and I, we went to district jail کیونکہ میری friend کا thesis تھا تو we went to analyze the situation there. I want to just share some facts. وہاں پر جو سپرنٹنڈنٹ تھا اس کا نام اسد طارق تھا۔ آپ سوچ نہیں سکتے کچھ پولیس آفیسرز واقعی اچھے ہوتے ہیں۔ ساری برے نہیں ہوتے۔ میں نے وہاں پر جو چیز notice کی ہے کہ jails میں distinction ہوتی ہیں، ایک side پر بچے اور عورتیں ہوتی ہیں۔ دوسری سائیڈ پر بڑے ہوتے ہیں وہاں پر کوئی distinction نہیں ہے۔ سب لوگ ایک ہی جگہ پر ڈالے ہوئے ہوتے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ یہ ہوتا ہے کہ عورتوں کو انہوں نے تھوڑا سا separate کر دیا ہوتا ہے، چھوٹے چھوٹے بچے بڑوں کے ساتھ لگے ہوتے ہیں۔

میں تھوڑا ساstress juvenile prisoners پر دینا چاہوں گیPenal Code کے حساب سے جو 12 سال کے بچے ہوتے ہیں ان کو آپ جیل بھیج سکتے ہیں لیکن ایک دن کے اندر اندر ان

کو مجسٹریٹ کے سامنے پیش کر کے ان کا چالان ہو جانا چاہیے۔ وہاں پر جو ہم نے دیکھا پانچ تا سات سال کے بچے وہاں پر تھے.and without any crime

پاکستان کی juvenile prisoners کے لحاظ سے جو situation ہے وہ poorest ہے۔.According to one of the researchers it is poorest in the world اس کی بڑی reason یہ ہے کہ جب بھی ہم crimes کی بات کرتے ہیں تو ہم سب کو ایک ہی stature میں ڈال دیتے ہیں۔ ہم لوگ ان میں کوئی distinction نہیں کرتے اور سب کو ایک جیسی punishment دیتے ہیں۔Sir, that is personally very wrong اور میرے بہت سے معزز ممبروں نے ان کی reasons بتائیں کہ poverty وغیرہ ہوتی ہے جس کی وجہ سے لوگ جیل میں جاتے ہیں۔ بنیادی طور پر جو میں نے analyze کیا تھا we had a thorough survey اس کے مطابق 61 persons جو لوگ وہاں پر تھے وہ paid pressure کے through تھے جو انہوں نے crime کیے تھے وہ اپنی مرضی سے نہیں کیے تھے۔

Madam Speaker: What is the way forward?

محترمہ انعم زاہد: محترمہ سپیکر! the way forward is کہ انہیں نمازی بنانے کی کوشش کرنے چاہیے کیونکہ وہ نماز سے بہت دور ہیں اور وہاں پر religion کا کوئی concept نہیں ہے۔ محترمہ وہاں پر نماز پڑھنے کا اہتمام ہونا چاہیے اگر ان کو اچھا انسان بنانا ہے۔

جناب حماد ملک: میڈم میں point of order پر ہوں کہ ہر جیل میں ایک عالم رکھا جاتا ہے اور وہاں پر مسجد بھی ہوتی ہے۔ عالم باقاعدہ classes لیتا ہے۔ یہی وجہ تھی کہ میں نے اس چیز کو point out نہیں کیا۔

محترمہ انعم زاہد: مجھے پتا ہے وہ ہوتا ہے لیکن میں نے کہا کہ it is lacking and it is not working properly. نماز کے لیے جو تلقین کا اہتمام ہونا چاہیے وہ ہوتا نہیں ہے لیکن مسجد وہاں ہوتی ہے۔ وہاں پر جو vocational centres ہوتے ہیں جیسے دوستوں نے بتایا۔ ان کو میں support کرتی ہوں وہ ہونا چاہیے۔ آپ ان کو کڑھائی وغیرہ سکھا رہے تھے، یہ سب کو پتا ہوتا ہے کہ انہیں انڈسٹری وغیرہ میں appoint نہیں کیا جائے گا۔ وہاں پر ویسے jobs نہیں ہیں تو criminal کو job نہیں دے گا۔It is better that there should be vocational training تاکہ وہ باہر نکل کر اپنا business establish کر سکیں چاہے وہ کڑھائی وغیرہ کا کام ہو کیونکہ کوئی خریدنے سے پہلے یہ نہیں پوچھے گا کہ بھئی آپ جیل سے ہو کر آئے ہیں۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: شکریہ۔ جی پرائم منسٹر صاحب۔

Formatted: Indent: First line: 0.5", Line spacing: 1.5 lines

جناب محمد ہاشم عظیم: شکریہ سپیکر صاحب۔ to be very précised on the issue جس طرح کہ اس resolution میں بات کی گئی ہے کہ there is a direct need to create skill in the prisoners مطلب یہ ہے کہ ان کو skilled کرنے کے لیے اور empower کر نے کے لیے تو میں اس میں چائنا کا ماڈل آپ کے سامنے share کرنا چاہوں گا۔ چائنا میں prisoners structure میں اس طرح ہوتا ہے کہ ان کی بہت زیادہ work force جو ہے وہ prisons میں ہوتی ہے وہاں پر وہ skill کیے جاتے ہیں، trained کیے جاتے ہیں اور انہیں حکومتی لیول پر empower کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ جیسے ہی ان کی قید کا time period پورا ہوتا ہے اس کے بعد وہ باہر نکلتے ہیں تو بالکل باہر ان کی industrial units کے stalls اور وہ ان کو directly وہاں سے demography کی بنیاد پر hire کرتے ہیں۔ مطلب ہے وہ basically اپنی labour force کو utilize کرتے ہیں اور ان کی private industries بھی یہی چاہتی ہیں کہ جو government owned طریقوں سے جو technical expertise develop کی جا رہی ہیں ہم ان کو utilize کر سکیں۔ اس سے ایک فائدہ یہ ہوتا ہے کہ ان کی labour force engage ہو جاتی ہے جو کہ انکم ہے اور اس کے بڑے فائدے ہیں۔ دوسری چیز یہ ہے کہ جن لوگوں نے جرم کیے ہوتے ہیں جن کی professional crime environment ہوتی ہے وہ ان کو revolutionize کرتے ہیں، ان کا دماغ change کرتے ہیں۔ جب وہ بندہ حقیقت میں earns a good livelihood then why should he be there. ان کا mind change کرتے ہیں، ان کو revolutionize کرتے ہیں۔ اس کے برعکس پاکستان میں کہ جو ہمارے jail structures ہیں جس طرح کہ ایک ایسی population ہوتی ہے جو بالکل detrack ہوتی ہیں اور اس سے negative sentiments آتی ہیں اور deteriorate their conditions تو اس لیے چائنا کا یہ ماڈل ضرور سمجھا جائے اور اس کو follow کرنے کی کوشش کی جائے۔ شکریہ۔

Madam Speaker: Thank you. Now I put this resolution to the House for voting.

(The motion was adopted)

Madam Speaker: Consequently the resolution is adopted. Mr. Muhammad Amir Khan Khachi, Mr. Osama Mehmood, Mr. Umar Raza, Mr. Saleem Khan, Miss Shaheera Jalil and Mr. Umair Najam would like to move the resolution. I would ask Mr. Muhammad Amir Khan Khachi kindly read out the resolution for us.

Mr. Muhammad Amir Khan Khachi: This House is of the opinion that human rights violations such as arbitrary detention, torture does in custody, forced

disappearances and extra-judicial execution are rampant throughout Pakistan. The Government of Pakistan must ensure basic fundamental rights of all…..

Now, the Article 10 of Constitution of Pakistan, 1973 safeguards and provide all the citizens of Pakistan the protection against arrest and detention. Article 12, Protection against retrospective punishment. Article 37, Promotion of social justice. Now,

میڈم سپیکر! بات یہ ہے کہ یہ ملک جو کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے، جو 1947 میں ہمارے بزرگوں نے قائد اعظم محمد علی جناح کی قیادت میں بے بہا قربانیوں کے بعد حاصل کیا، کیا اس کا مقصد یہی تھا کہ اس ملک کو police state بنا دیا جائے؟ کیا اس ملک کو بنانے کا مقصد یہی تھا کہ اس ملک میں بچوں، بزرگوں، بڑوں، چھوٹوں، سب کے ساتھ ظلم کیا جائے؟ کیا یہ ملک بنانے کا مقصد یہی تھا کہ اس ملک میں human rights کی violation ہو اور یہاں پر state تماشائی بن کر یہ سب کچھ دیکھتی رہے۔ Human rihts کے جو رکھوالے ہیں وہی human rights کی violation کرنے میں سب سے آگے آگے ہوتے ہیں۔ کہاں پر آئین اور قانون کی بالادستی ہے؟ اس ملک میں rule of law کے نام پر politics کی جاتی ہے۔ اس ملک میں human rights کے نام پر politics کی جاتی ہے۔ اس ملک میں human rights کے نام پر عام لوگوں کو، جو غریب لوگ ہیں ہماری سوسائیٹی میں، ان کو exploit کیا جاتا ہے۔

میڈم سپیکر! بات یہ ہے کہ ابھی جو ہماری موجودہ حکومت ہے، بلوچستان میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ ہم سب کے سامنے ہے۔ ابھی JSQM جو سندھ ایک nationalist party ہے ان کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے، وہ ہم سب کے سامنے ہے۔ جو کچھ فاٹا میں ہو رہا ہے، وہ ہم سب کے سامنے ہے۔ پنجاب میں human rights کی کیا بات کریں جہاں پر پچھلے سالوں سے Interior Minister ہی موجود نہیں ہے۔ وہاں پر Chief Minister ہی سب کچھ ہے۔ وہاں پر Chief Minister ہی Interior Minister ہے۔ وہاں پر Chief Minister کے پاس دس سے بارہ portfolios ہیں۔ تو ہم حکومت سے کیا expect کریں حکومت پاکستان سے یا صوبائی حکومت سے کہ وہ human rights کی violation کو روکیں گے لیکن میں Youth Parliament Pakistan کے platform سے یہ بات واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ ہم as a youth اس ملک کا مستقبل ہیں، ہم human rights violation کو ایسے unheard یا بالکل چپ کرکے نہیں دیکھیں گے۔

میڈم سپیکر! میرا دوسرا point یہ ہے کہ ابھی آپ سب کے سامنے ہے، آپ سب کو پتا ہوگا کہ کچھ ہی دنوں پہلے جو human rights activist ہیں عاصمہ جہانگیر صاحبہ ہیں، وہ poor section of society کے لیے لڑ رہی ہیں کافی عرصے سے، ان کو life threats مل رہی ہیں۔ اگر اس ملک میں prominent human rights activist کی زندگیوں کو یہ خطرہ ہو سکتا ہے تو ہمارے پاس کیا surety ہے۔ جو عام لوگ ہیں یا وہ لوگ جو جیلوں میں پڑیں ہیں، جن کو اٹھا لیا جاتا ہے۔ جن کو ہماری ایجنسیاں اٹھا لیتی ہیں، جن کو پولیس والے اٹھا لیتے ہیں، ان کو ہم کیا surety دیں گے۔ میں آپ کے ساتھ UNDP کی 2011 کی report share کرنا چاہتا ہوں۔ جس میں انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان کا جو human development index ہے، جو کہ اس وقت 145th position پر آ گیا ہے جو کہ 2010 میں 125th position پر تھا۔ اس کی وجہ انہوں نے یہ بتائی ہے کہ پاکستان میں اور بالخصوص بلوچستان میں روز بروز enforced disappearances بڑھتی جا رہی ہے، وہاں پر torture بڑھتے جا رہی ہے اور وہاں پر death in custody بڑھتی جا رہی ہے اور in the wake of worsening law and order situation in Karachi and specifically in interior Sindh, rural areas of Punjab and specifically in FATA. These are the factors which are the hurdles in the smooth way of human rights.

دوسری چیز میڈم سپیکر! یہ ہے کہ میں Human Rights Commission of Pakistan کی report آپ سے share کرنا چاہوں گا۔ انہوں نے کہا ہے کہ جی 2011 میں پاکستان میں صرف بلوچستان میں 382 missing persons کی جو لاشیں ملی ہیں۔ اس کے علاوہ جو پولیس کی custody میں جو death ہوئی ہیں ان کی تعداد more than 50 ہے۔ حالانکہ یہ جو تمام واقعات ہیں وہ public نہیں ہوتے۔ اس کے علاوہ سندھ میں اس کی تعداد 85. اگر اس طرح صورتحال چلتی رہی تو پاکستان کو تو دنیا والوں نے failed state ہی کہنا ہے۔ ہمیں کوئی progressive نہیں کہے گا۔ ہمیں یہ کوئی نہیں کہے گا کہ ہم human rights علمبردار ہیں۔ لہٰذا میری ایوان سے یہی گزارش ہے کہ یہ جو enforced disappearances ہیں یا جو death in custody ہے یا جو extrajudicial executions ہیں یا جو illegal detentions ہیں، ان سب کو serious لیا جائے اور ان کو روکنے کے لیے حکومت پر دباؤ ڈالا جائے کہ وہ ایک practical step لے اور rule of law کو ensure کرے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب اسامہ محمود۔

جناب اسامہ محمود: شکریہ میڈم سپیکر۔ محترمہ ترقیافتہ معاشروں میں انصاف کو بنیادی اہمیت حاصل ہوتی ہے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر معاشرے کا اور عوام کا اعتماد بڑا ضروری ہوتا ہے اور یہ ہمارے معاشرے کا المیہ ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں پر لوگوں کا اعتماد نہیں۔ پولیس لوگوں کو تحفظ دیتی ہے اور لوگ سب سے پہلے حفاظت کے لیے پولیس کو کال کرتے ہیں لیکن unfortunately ہمارے معاشرے میں پولیس سے ہی سب سے بڑا threat ہوتا ہے لوگوں کو۔

یہ Resolution directly and indirectly identify کرتی ہے کہ پاکستان میں وزارت داخلہ نہ صرف وفاق میں بلکہ صوبوں میں بھی کس حد تک ناکام ہے۔ وزارت داخلہ کا کردار کیا ہے اور اس میں کس حد تک reforms لانے کی ضرورت ہے۔ اگر آپ وفاق کو چھوڑ دیں اور صوبوں میں دیکھیں کہ جو بلوچستان میں حالات میں اور جو وہاں کی Interior Ministry کا جو کردار ہے اور جو سندھ میں اور خاص طور پر کراچی میں جو کردار ہے----

Madam Deputy Speaker: Just a minute, just a minute.

آپ اخبار تو نہ پڑھیں ایوان میں۔

جناب اسامہ محمود: اور جو پنجاب میں حالات ہیں ان میں directly Interior Ministry کا کردار لوگوں کے سامنے آتا ہے۔ پنجاب کی میں بات کروں تو جس طرح میرے colleague نے بتایا کہ شاید Interior Ministry کی اتنی اہمیت نہیں ہے اسی لیے اسے additional portfolio کے طور پر CM نے اپنے پاس رکھا ہوا ہے لیکن unfortunately I am living in Lahore اور وہ province کا capital ہے اور لاہور میں یہ حالات ہیں کہ جو بھی لوگ تھانے تک پہنچتے ہیں کسی چھوٹے موٹے crime میں تو اکثر لوگوں کو torture کیا جاتا ہے، اکثر لوگوں کو custody میں رکھ کر اس طرح سے treat کیا جاتا ہے کہ mostly چھوٹے موٹے crime میں involve لوگ معاشرے میں ڈان بن کر نکلتے ہیں اور کچھ لوگوں کی تو death بھی ہو گئی جس کی خبر بھی پچھلے دنوں میں media میں آئی۔ تھانہ culture ہمارے ملک میں اس حد بگڑ چکا ہے کہ لوگ تھانے جانے سے پہلے ہزار مرتبہ سوچتے ہیں کہ اگر کسی خلاف مقدمہ کروانا ہے تو وہ کہیں الٹا ہمارے خلاف نہ ہو جائے۔ اس میں اشد ضرورت ہے اس امر کی کہ پولیس کے staff بلکہ اس پورے ادارے کو دوبارہ سے review کیا جائے، اس ادارے میں جو خامیاں ہیں انہیں دور کیا جائے اور سٹاف میں incentive کو promote کیا جائے تاکہ corruption سے پاک ہو سکے۔ ہمارے معاشرے میں جو investigation process

ہے یہ کوئی defined نہیں ہے۔ جس وہ کہتے ہیں کہ تھانے میں جاؤ تو لکھا ہوتا ہے کہ، "آجا میرے بالما تیرا انتظار ہے"۔ یہ جو threats ہیں نفسیاتی طور پر عام آدمی کو اس طریقے سے torture کرتے ہیں، ایک پروگرام تھا جس میں پنجاب کے آئی جی حبیب الرحمٰن نے کہا کہ I agree جو بھی لوگ کہتے ہیں میں اس سے بالکل متفق ہوں لیکن میں بھی مجبور ہوں کہ میں اسے تبدیل نہیں کر سکتا۔ اگر آئی جی بھی مجبور ہے تو پھر عام آدمی تو مزید مایوسی کا شکار ہوگا۔ لہٰذا میری اس ایوان سے درخواست اور ساتھ ہی وزارت داخلہ سے بھی درخواست ہے کہ اس resolution adopt کرنے کے بعد اس پر کوئی reforms ایوان میں پیش کریں۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب عمر رضا صاحب۔

جناب عمر رضا: شکریہ میڈم۔ میرے بھائیوں نے بہت سی باتوں کو cover کر لیا ہے لیکن انسانی حقوق کے بین الاقوامی دن کے موقع پر دس دسمبر کو ایک کانفرنس ہوئی تھی پاکستان میں، میں اس کی رپورٹ پیش کرنا چاہوں گا۔ International Institute for Research and Education, Asian Human Rights Commission and Labour Education کے زیر احتمام ایک کانفرنس جس میں لاپتہ افراد کا مسئلہ اٹھایا گیا۔ حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ لاپتہ افراد کو بازیاب کروایا جائے اور سپریم کورٹ کے action کے نتیجے میں خفیہ ایجنسیوں کی طرف سے اڈیالہ جیل سے گیارہ افراد کی غیر قانونی حراست کا ثبوت ملا۔ اس کے بعد ہمارے سابق وفاقی وزیر رحمٰن ملک صاحب کا بیان آتا ہے کہ ہمارے مل میں تو صرف 39 لوگ ہیں جن کو ہماری ایجنسیوں نے اٹھایا ہے۔ باقی لوگ ہمارے ملک میں نہیں ہیں۔ اسلام آباد میں missing persons کے لواحقین کے حوالے سے ایک کیمپ لگایا گیا جس میں صرف بیس دنوں میں 186 families اس کیمپ میں آئیں۔ 1100 cases کے قریب Human Rights کے پاس موجود ہیں اور ٹوٹل 10000 کے قریب لوگ گھروں سے غائب ہیں۔ ان میں سے زیادہ تر لوگوں کا تعلق بلوچستان، خیبرپختونخوا، سندھ، کشمیر اور پنجاب کے لوگ ہیں۔ بلوچستان سے غائب ہونے والے افراد کی تعداد 4000 ہے اور ان کو صرف سیاسی بنیاد پر غائب کیا گیا ہے۔ KPK کے افراد کو تنظیموں نے اپنے مخصوص مقاصد کے لیے غائب کیا۔ جیسا کہ قانون ہے ہمارے ملک میں کہ کسی بھی شخص کو اگر خفیہ طور پر گرفتار کیا جاتا ہے تو 24 گھنٹوں کے اندر اسے عدالت کے سامنے پیش کرنا لازمی ہے لیکن یہاں پر تو کئی 24 گھنٹے گزر جاتے ہیں اور انہیں عدالت کے سامنے پیش نہیں کیا جاتا کیونکہ اگر انہیں عدالت کے سامنے

